★ ABC CERTIFIED ★
Member APNS
روزنامہ
تعمیر وطن کوئٹہ
Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27......شمارہ نمبر 352 بروز جمعرات 17 ستمبر 2026ء 4 ربیع الثانی 1448ھ...... قیمت 7 روپے (صفحات 4) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان......ایڈیٹر: ایم ایس خان

آزاد کشمیر صدارتی انتخابات، نواز شریف نے ڈاکٹر نجیب نقی کو امیدوار نامزد کردیا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد میاں محمد نواز شریف نے آزاد جموں وکشمیر کے سینئر رہنما اور سابق صوبائی وزیر ڈاکٹر نجیب نقی کو صدر آزاد کشمیر کے عہدے کے لیے اپنا امیدوار نامزد کردیا ہے۔ مسلم لیگ (ن) کی اعلیٰ قیادت اور قائد نواز شریف نے پارٹی مشاورت کے بعد ڈاکٹر نجیب نقی کے نام کی منظوری دی۔ وہ آزاد کشمیر کے سیاسی منظرنامے میں ایک نمایاں مقام رکھتے ہیں اور ماضی میں بطور وزیر حکومت مختلف اہم وکلیدی وزارتوں پر خدمات سرانجام دے چکے ہیں۔

کوئٹہ، نامعلوم موٹرسائیکل سواروں نے فائرنگ کرکے پولیس اہلکار کو شہید کردیا اور فرار ہوگئے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے علاقے مشرقی بائی پاس پر نامعلوم موٹرسائیکل سواروں نے فائرنگ کرکے پولیس اہلکار کو شہید کردیا اور فرار ہوگئے نعش ہسپتال منتقل کردی گئی جس کو ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردیا گیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کے علاقے مشرقی بائی پاس پر غلجی کالونی کے قریب نامعلوم موٹرسائیکل سواروں نے پولیس اہلکار محمد عباس کو فائرنگ کرکے شہید کردیا اور فرار ہوگئے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے موقع پر پہنچ کر نعش ہسپتال منتقل کردی جس کو ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردیا گیا

پاکستان کو پائیدار پانڈا بانڈ پر بین الاقوامی ایوارڈ مل گیا، محمد اورنگزیب

کراچی (آن لائن) پاکستان کو 1.75 ارب یوان یعنی تقریباً 258 ملین ڈالر مالیت کے پائیدار پانڈا بانڈ کے اجرا پر 2026 اے پی اے سی کلائمیٹ بانڈز ایوارڈز میں 'پاکستان سسٹین ایبل سوورن پانڈا بانڈ انیشیٹو ایوارڈ' سے نوازا گیا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

وزیراعظم شہباز شریف کا فیول سبسڈی اسکیم میں عوامی سہولت مزید بڑھانے کا حکم

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت خلیج کی صورتحال کے تناظر میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے کم آمدنی اور متوسط طبقے کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے پی ایم اسپیشل ریلیف اسکیم کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس ہوا (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

صدر زرداری نے وزیراعظم کی ایڈوائس پر اہم سمریوں کی منظوری دے دی

اسلام آباد (آن لائن) صدر آصف علی زرداری نے وزیراعظم کی ایڈوائس پر اہم سمریوں کی منظوری دے دی۔ منظور شدہ سمریز میں نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف فوک اینڈ ٹریڈیشنل ہیریٹیج (لوک ورثہ) ترمیمی بل 2026، اسٹینڈرڈ ٹائم (تشریح حوالہ جات) ترمیمی بل 2026 (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

چیف آف ڈیفنس فورسز نے قومی سلامتی اور دفاعی صلاحیت کو مضبوط بنانے میں جدت اپنانے اور جدید رجحانات کے مطابق حل کی اہمیت پر زور دیا، آئی ایس پی آر

فیلڈ مارشل عاصم منیر سے امریکی وفد کی ملاقات، دوطرفہ وزیرعظم تعلقات، خطے کی صورتحال پر گفتگو

دونوں جانب سے باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے میں دلچسپی کا اظہار، ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور اور دفاعی ٹیکنالوجی میں بدلتے رجحانات پر تبادلہ خیال

راولپنڈی (آن لائن) امریکی دفاعی پیداواری کمپنی پاور یو ایس کے وفد کی جی ایچ کیو میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات، رابرٹ بریٹ ویلیکوچ کی زیر قیادت وفد سے ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور اور دفاعی ٹیکنالوجی میں بدلتے رجحانات پر تبادلہ خیال۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دفاعی پیداواری صنعت سے وابستہ امریکی کمپنی 'پاور یو ایس' کے ایک وفد نے رابرٹ بریٹ ویلیکوچ کی زیر قیادت جی ایچ کیو راولپنڈی میں آرمی چیف وچیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی، ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، دفاعی ٹیکنالوجی میں ابھرتے ہوئے رجحانات اور دفاعی سازوسامان کی خریداری، پیداوار اور استعداد کار بڑھانے کے شعبوں میں تعاون کے (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف پمز ہسپتال میں اصلاحات کے نفاذ کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

یہ کسی اچانک پیدا ہونے والی صورتحال کا نتیجہ نہیں بلکہ کئی دہائیوں پر محیط تاریخی اور اسٹریٹجک تعلقات کی باضابطہ شکل ہے پاکستان اور چین کے تعلقات تذویراتی نوعیت کے ہیں

بھارت نے جارحیت کی تو نتائج توقع سے زیادہ خطرناک ہوں گے، دو ایٹمی طاقتوں میں جنگ پاگل پن اور اسٹریٹجک حماقت ہے: لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کی العربیہ کو انٹرویو

پاکستان امن و استحکام کا سب سے بڑا حامی ہے

مکہ معاہدہ دفاعی نوعیت کا ہے آئی ایس پی آر

امریکہ اور ایران سے بیک وقت اچھے تعلقات ہیں، کسی ایک ملک سے تعلقات دوسرے کی قیمت پر نہیں، پاکستان مذاکرات اور ثالثی کے ذریعے پائیدار امن کا خواہاں ہے

اسلام آباد (آن لائن) پاک فوج کے محکمہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان خطے میں امن اور استحکام کا سب سے بڑا حامی ہے اور دوست ممالک کے ساتھ متوازن تعلقات کے باعث غیر جانبدار اور منصفانہ ثالث کا کردار ادا کر رہا ہے۔ امریکہ اور ایران سے بیک وقت اچھے تعلقات ہیں، کسی ایک ملک سے تعلقات دوسرے کی قیمت پر نہیں۔ العربیہ کو دیے گئے انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

علاقائی تنازعات کا مذاکرات کے ذریعے پرامن حل ناگزیر ہے، سردار ایاز صادق

ایاز صادق کی ملائیشین ہم منصب سے ملاقات، پارلیمانی روابط مزید مستحکم بنانے پر اتفاق

اسلام آباد (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ پاکستان اور ملائیشیا کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات کو پارلیمانی سطح پر مزید مستحکم بنانے کی ضرورت ہے، جبکہ دونوں ممالک کے پارلیمانی فرینڈشپ گروپس باہمی روابط کے فروغ اور دوطرفہ تعلقات کو نئی جہت دینے میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ انہوں نے یہ بات ملائیشیا کے (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

انڈس ہسپتال کی طرف سے (ڈینٹل اینڈ رورل ہیلتھ کمپین) کے سلسلے میں ایک اہم آگاہی مہم کا پروگرام

نوکنڈی (آن لائن) نوکنڈی میں گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول غریب آباد نوکنڈی میں انڈس ہسپتال کی طرف سے (ڈینٹل اینڈ رورل ہیلتھ کمپین) کے سلسلے میں ایک اہم آگاہی مہم کا پروگرام منعقد کیا گیا۔ اس پروگرام میں ڈینٹل سرجن (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

پٹرول 100 روپے فی لیٹر سستا فراہم کرنے کی اسکیم کا آغاز

عوام کی سہولت کیلئے دفتر ڈپٹی کمشنر سبی میں خصوصی ڈیسک بھی قائم کیا جا رہا ہے

سبی (خ ن) وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کی ہدایت پر غریب اور محنت کش طبقے کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے پیٹرول 100 روپے فی لیٹر سستا فراہم کرنے کی اسکیم کا آغاز کر دیا گیا ہے اس اقدام سے موٹر سائیکل، رکشہ، چنگچی اور چھوٹی گاڑیوں 800 سی سی تک (کے مالکان مستفید ہوسکیں گے۔ ضلعی انتظامیہ سبی کی جانب سے رجسٹرڈ (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

ڈی پی ایس اسکول لورالائی کے طلباء وطالبات کیلئے ہفتہ پر مشتمل کمپیوٹر اے آئی ٹریننگ پروگرام جاری

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کی ہدایات پر بائنز لورالائی کی جانب سے ڈی پی ایس اسکول کے طلباء وطالبات کے لیے ایک ہفتہ پر مشتمل خصوصی اے آئی کمپیوٹر ٹریننگ پروگرام کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ اسی سلسلے میں کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

موجودہ دور الیکٹرانک پرنٹ اور سوشل میڈیا کا دور ہے، ڈاکٹر ایاز جمالی

بچوں کو پولیو سے محفوظ بنانے کیلئے جاری قومی کوششوں میں میڈیا اپنا بھرپور کردار ادا کریگا

عوام میں آگاہی پیدا کرنے کے لیے انسداد پولیو پیغام کو موثر انداز میں اجاگر کیا جائے گا

ڈیرہ مراد جمالی (خ ن) محکمہ صحت نصیر آباد اور یونیسیف کومینٹ کے تعاون سے 21 ستمبر سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کے حوالے سے صحافیوں کا ایک روزہ آگاہی سیمینار ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نصیر آباد ڈاکٹر ایاز احمد جمالی کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں این اسٹاف کے ڈاکٹر یاسین، ڈاکٹر ممتاز احمد کومینٹ کے صدام حسین ڈی ایس وی ثناء اللہ (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

کراچی، امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

وقت کتنی تیزی سے گزر جاتا ہے، اس کا احساس اس وقت ہوتا ہے جب اپنے کسی عزیز کی جدائی کو برسوں بیت جائیں، میر سرفراز بگٹی

سردار سرفراز ڈومکی کی یادیں ہمیشہ دل میں زندہ رہیں گی، وزیراعلیٰ بلوچستان

ان کی دوستی میرے لیے باعثِ اعزاز تھی اور آج بھی ان کی موجودگی، شفقت اور ان کے ساتھ گزارا ہوا خوبصورت وقت شدت سے یاد آتا ہے

سردار سرفراز ڈومکی کی شخصیت اور ان کے ساتھ وابستہ یادیں ہمیشہ دل میں زندہ رہیں گی ان کی وفات ایک ذاتی نقصان تھی جس کا احساس اسی شدت سے موجود ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنے دیرینہ دوست سردار سرفراز خان ڈومکی کی برسی کے موقع پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ وقت کتنی تیزی سے گزر جاتا ہے، اس کا احساس اس وقت ہوتا ہے جب اپنے کسی عزیز کی جدائی کو برسوں بیت جائیں، تاہم مخلص لوگ اپنی محبت، خلوص اور خوبصورت یادوں کے باعث کبھی فراموش نہیں ہوتے سماجی رابطے کی ویب سائٹ فیس بک پر اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سردار سرفراز ڈومکی ان کے جاننے والے انتہائی شفیق، منکسر المزاج (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

کوئٹہ، آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر فائرنگ سے شہید ہونے والے پولیس اہلکار محمد عباس کی جسد خاکی کو خراج عقیدت پیش کر رہے ہیں

کوئٹہ، وفاقی وزیر اورنگزیب کھچی محکمہ داخلہ کے زیر اہتمام "نقوش وطن" کے عنوان سے منعقدہ تقریب کے موقع پر صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، وائس چانسلر سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق ودیگر شرکا کو شیلڈز دے رہے ہیں

پاکستان حرمین شریفین کی سلامتی اور تقدس کے تحفظ کے لیے سعودی عرب کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا ہے، شہباز شریف

مکہ مکرمہ پر ڈرون حملے کی کوشش ناقابل معافی کی شدید مذمت

حرمین کی سلامتی وتقدس ہر پاکستانی کے دل کے قریب سعودی عرب کی خودمختاری وسالمیت کے دفاع میں شانہ بشانہ ہیں

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مکہ مکرمہ کے مقدس مقام پر ڈرون حملے کی کوشش کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مقدس شہر پر حملے کی کوشش ناقابل معافی اور انتہائی قابل مذمت ہے۔ پاکستانی قوم مکہ مکرمہ کے مقدس مقام پر حملے کی کوشش پر شدید رنجیدہ اور مضطرب ہے اور حرمین شریفین کی سلامتی وتقدس ہر پاکستانی کے دل کے قریب ہے۔ اپنے بیان میں وزیراعظم شہباز شریف نے سعودی مسلح افواج کی بروقت، فوری اور بہادری سے کی جانے والی کارروائی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سعودی افواج نے بروقت کارروائی کرکے مقدس مقام کے تحفظ کے عزم کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان حرمین شریفین کی سلامتی اور تقدس کے تحفظ کے لیے سعودی عرب کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا ہے۔ پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع میں بھی اس کے ساتھ کھڑا ہے۔ وزیراعظم نے خطے میں بڑھتی (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں سالانہ اور ماہانہ بنیادوں پر نمایاں کمی

رواں سال اگست کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 9 کروڑ 80 لاکھ ڈالر تک کم ہوگیا، مرکزی بینک

کراچی (آن لائن) رواں سال اگست کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں سالانہ اور ماہانہ بنیادوں پر کمی ریکارڈ کی گئی۔ سٹیٹ بینک کے مطابق رواں سال اگست کرنٹ اکاؤنٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

ملائیشین وزیراعظم کا انٹرویو، بھارتی میڈیا کا پاکستان مخالف من گھڑت بیانیہ بنانے کا مکروہ ہتھکنڈا ناکام

اسلام آباد (آن لائن) عالمی پالیسی کے مشاورتی ادارے "دی ڈومیٹین (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

ڈرون حملوں کے بعد سعودی عرب نے یورپ کیلئے تیل کی سپلائی روک دی

یورپی صارفین، بالخصوص پولینڈ، متبادل تیل کی تلاش میں تیزی لانے پر مجبور ہوگئے ہیں، ذرائع

ریاض (آن لائن) سعودی عرب نے اہم آئل پائپ لائن پر ڈرون حملوں کے بعد یورپ کیلئے تیل کی کچھ سپلائی منسوخ کردی، جس کے باعث بڑے خریداروں نے متبادل ذرائع کی تلاش شروع کردی اور یورپی صارفین، بالخصوص پولینڈ، متبادل تیل کی تلاش میں تیزی لانے پر مجبور ہوگئے ہیں۔ خبر رساں ایجنسی کے مطابق تجارتی ذرائع کا کہنا ہے کہ سعودی عرب نے یورپی صارفین کو آگاہ کیا ہے کہ ستمبر میں لوڈ ہونے والے خام تیل کے کچھ کارگو منسوخ کیے جائیں گے جبکہ بحیرہ احمر کی بندرگاہ ینبع سے تیل کی لوڈنگ بھی معطل کردی گئی ہے۔ یہ صورتحال اس وقت پیدا ہوئی (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

وفاقی وزیر مملکت بلال اظہر کیانی کی زیر صدارت اجلاس

ٹیکس نیٹ بڑھانے اور تاجروں کو سہولت دینے کیلئے موثر حکمت عملی طے

اسلام آباد (آن لائن) آسان ٹیکس سکیم، حکومت اور تاجر تنظیموں کے مابین رجسٹریشن پر اتفاق ہوگیا۔ ایف بی آر کے افسران اور تاجر نمائندے چاروں صوبوں میں سکیم کے تحت بازاروں میں دکانداروں کو رجسٹر کریں گے۔ یہ فیصلہ وزیر مملکت برائے خزانہ اور ریلوے بلال اظہر کیانی کی زیر صدارت آسان ٹیکس سکیم کے جائزہ اجلاس میں کیا گیا۔ اجلاس میں تاجر تنظیموں کے قائدین اجمل بلوچ اور کاشف چوہدری کے علاوہ ممبر ان لینڈ ریونیو آپریشنز زبیر بلال، ایف بی آر کے اعلیٰ حکام، چیف کمشنرز اور آر ٹی او اسلام آباد وراولپنڈی نے شرکت کی۔ ملک بھر کے (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

OBITUARY

The Government of Balochistan with deep sorrow announce the sad demise of Mr. Aziz-ud-Din, Ex-Agriculture Officer (B-17) office of the Deputy Director Agriculture Extension Pishin, on 06-08-2026.

In recording a deep sense of loss at his premature death, the Government of Balochistan wishes to convey heart-felt sympathy to the members of the bereaved family. May Allah Almighty grant him highest place in Heavens and rest his soul in peace.

The Government of Balochistan also wishes to put on record appreciation of his unblemished and dedicated services.

Late Aziz-ud-Din, was born on 14-04-1981 and died on 06-08-2026.

URAAN PAKISTAN

مشرق وسطیٰ میں جنگ کے باعث پٹرول کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کا بوجھ کم کرنے کے لئے

مہنگے پٹرول سے نجات کا تاریخی اقدام

وزیر اعظم کی خصوصی ریلیف اسکیم

پٹرول 100 روپے فی لیٹر سستا

موٹر سائیکل، چنگچی، رکشہ اور تین پہیوں والی سواریاں چلانے والے اور 800 سی سی تک گاڑیوں کے مالکان

ون ٹائم رجسٹریشن کے لئے اپنے شناختی کارڈ پر رجسٹرڈ موبائل نمبر سے

REG لکھ کر space دیں

STEP-1 اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر
3740515196983 لکھنے کے بعد space دیں

STEP-2 بغیر space کے نمبر پلیٹ
LHR123 ایسے لکھنے کے بعد space دیں

STEP-3 صوبے کے نام کا پہلا حرف جہاں آپ کی گاڑی رجسٹرڈ ہے
صوبے کا نام پنجاب P کے بعد space دیں

STEP-4 وہیکل رجسٹریشن کی تاریخ بمعہ مہینہ اور سال DD/MM/YYYY
دن، مہینہ اور سال ایسے لکھیں 08102010

چاروں تفصیلات اسپیسز کے ساتھ ایک ہی میسج میں لکھ کر 9771 پر ایس ایم ایس کریں

9771
REG 4650191820545
LHR123 P 30082018

رعایتی پٹرول کے حصول کا طریقہ کار:

STEP-1 رجسٹریشن کے بعد پٹرول ریلیف حاصل کرنے کے لیے پٹرول پمپ جانے سے پہلے TOK لکھ کر 9771 پر بھیج دیں

STEP-2 موصول ہونے والے میسج میں ٹوکن نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر پٹرول کی مقدار اور ٹوکن استعمال کرنے کی مدت درج ہو گی

STEP-3 ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھا کر آپ رعایتی قیمت پر پٹرول حاصل کر سکتے ہیں۔

صوبے کے نام کا پہلا حرف
اسلام آباد I | آزاد جموں وکشمیر A | گلگت بلتستان G
سندھ S | پنجاب P | خیبر پختونخوا K | بلوچستان B

ملک بھر بشمول آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں پٹرول پر ریلیف کا آغاز ہو چکا ہے

مزید معلومات کے لیے
www.pmfuelrelief.pk وزٹ کریں
یا QR اسکین کریں

وزارت اطلاعات ونشریات
حکومتِ پاکستان
/GovtofPakistan www.moib.gov.pk

PID (I) 2572-D/26

ABC CERTIFIED
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

مکہ مکرمہ کے مقدس مقام پر ڈرون حملے کی مذمت

وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے مکہ مکرمہ کے مقدس مقام پر ڈرون حملے کی کوشش کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مقدس شہر پر حملے کی کوشش ناقابلِ معافی اور انتہائی قابلِ مذمت ہے۔ پاکستانی قوم مکہ مکرمہ کے مقدس مقام پر حملے کی کوشش پر شدید رنجیدہ اور مضطرب ہے اور حرمین شریفین کی سلامتی و تقدس ہر پاکستانی کے دل کے قریب ہے۔ اپنے بیان میں وزیر اعظم شہباز شریف نے سعودی مسلح افواج کی بروقت، فوری اور بہادری سے کی جانے والی کارروائی کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سعودی افواج نے بروقت کارروائی کر کے مقدس مقام کے تحفظ کے عزم کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان حرمین شریفین کی سلامتی اور تقدس کے تحفظ کے لیے سعودی عرب کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا ہے۔ پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع میں بھی اس کے ساتھ کھڑا ہے۔ وزیر اعظم نے خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے تمام فریقین پر زور دیا کہ وہ تحمل کا مظاہرہ کریں اور کشیدگی بڑھانے سے گریز کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ خطہ پہلے ہی تنازعات سے بہت زیادہ متاثر ہو چکا ہے اور اب مزید کشیدگی سے بچنا ہوگا۔ شہباز شریف نے کہا کہ پائیدار امن کے حصول کا واحد راستہ مذاکرات اور سفارت کاری ہے۔ انہوں نے تمام متعلقہ فریقین پر زور دیا کہ خطے میں امن و استحکام کے لیے بات چیت اور سفارتی ذرائع کو ترجیح دی جائے۔

بقیہ 01

امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا، آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز نے قومی سلامتی اور دفاعی صلاحیت کو مضبوط بنانے میں جدت اپنانے اور جدید رجحانات کے مطابق حل کی اہمیت پر زور دیا، دونوں جانب سے باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے میں دلچسپی کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ 02

، آرمڈ فورسز انسٹی ٹیوٹ آف یورولوجی راولپنڈی کی نیشنل آف آرگنائزیشن اینڈ ایکوپمنٹ میں نظر ثانی اور ماحول دوست طریقے سے بحری جہازوں میں موجود مضر مواد کے انتظام سے متعلق بل 2026 کی منظوری شامل ہے۔ صدر مملکت نے پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز کی اسٹاف نرس رضیہ نورین کو تمغہ شجاعت دینے کی منظوری بھی دی، جنہوں نے آتشزدگی کے واقعے کے دوران اپنی جان خطرے میں ڈال کر واحد زندہ بچنے والے بچے کو بحفاظت باہر نکالا۔

بقیہ 03

۔ اجلاس میں وزیر اعظم کو فیول سبسڈی اسکیم پر عمل درآمد اور اب تک کی پیش رفت سے آگاہ کیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ اسکیم کے تحت موٹر سائیکل، رکشہ اور 800 سی سی تک کی گاڑیوں کے مالکان کو فیول سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے۔ حکام نے بتایا کہ اسلام آباد میں اسکیم کے پائلٹ منصوبے کے آغاز کے بعد اب پورے ملک سمیت آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان میں بھی اسکیم کا آغاز کیا جا چکا ہے۔ بریفنگ کے مطابق اسکیم کو عوام کے لیے آسان اور سادہ رکھا گیا ہے جبکہ رجسٹریشن کے لیے صرف چار بنیادی معلومات درکار ہیں۔ حکام کے مطابق مستحق شہریوں کو رجسٹریشن کے لیے شناختی کارڈ نمبر، گاڑی کا نمبر پلیٹ، گاڑی کی رجسٹریشن کا صوبہ اور گاڑی کی رجسٹریشن کی تاریخ فراہم کرنا ہوگی۔ کامیاب رجسٹریشن کی تعداد میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے جبکہ اسکیم کو ملک گیر سطح پر نافذ کرنے کے لیے صوبائی حکومتیں بھی تعاون کر رہی ہیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے ہدایت کی کہ عوام کو سبسڈی کے حصول میں کسی قسم کی دشواری پیش نہیں آنی چاہیے۔ انہوں نے انتظامیہ، رضاکاروں اور پٹرول پمپ کے عملے پر مشتمل سہولت ڈیسک قائم کرنے کی ہدایت کی تاکہ مستحق شہریوں کو رجسٹریشن اور دیگر ضروری مراحل میں موقع پر رہنمائی فراہم کی جا سکے۔ وزیر اعظم نے متعلقہ حکام کو اسکیم کے حوالے سے عوامی آگاہی مہم مؤثر بنانے اور شہریوں کو رجسٹریشن کے طریقہ کار سمیت دیگر ضروری معلومات فراہم کرنے کے لیے متحرک رہنے کی بھی ہدایت کی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ فیول سبسڈی اسکیم کی مکمل تفصیلات اس کی اردو ویب سائٹ ?www.pmfuelelefpk http www.pmfuelelefpk پر دستیاب ہیں۔ اجلاس میں نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزراء احد خان چیمہ، عطاء اللہ تارڑ، شزہ فاطمہ خواجہ اور علی پرویز ملک، وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی، معاون خصوصی طارق باجوہ سمیت متعلقہ اداروں کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔

بقیہ 04

وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کا کہنا ہے کہ پاکستان مستقبل میں چینی کیپٹل مارکیٹ سے مزید قرض حاصل کرنے کے لیے دوبارہ رجوع کرے گا۔ وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے سوشل میڈیا پر جاری بیان میں کہا کہ 3 سالہ مدت اور 2.5 فیصد شرح سود پر جاری کیے گئے بانڈ کو سرمایہ کاروں کی جانب سے 5 گنا سے زائد طلب موصول ہوئی، جس سے پاکستان کے لیے عالمی سرمائے کے ایک نئے ذریعے تک رسائی ممکن ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ پانڈا بانڈ کے کامیاب اجرا سے پاکستان کو چین کی کیپٹل مارکیٹ اور ادارہ جاتی سرمایہ کاروں کے ایک نئے حلقے تک رسائی حاصل ہوئی، جبکہ بیرونی مالی وسائل کو متنوع بنانے اور پاکستان اور چین کے درمیان مالیاتی روابط مزید مضبوط بنانے میں بھی مدد ملی۔ خرم شہزاد کے مطابق اس اہم لین دین میں حکومت پاکستان، ایشین انفراسٹرکچر انویسٹمنٹ بینک، ایشین ڈویلپمنٹ بینک، چینی حکام، مالیاتی مشیر، انڈر رائٹرز اور دیگر مارکیٹ پارٹنرز نے تعاون کیا۔ انہوں نے بتایا کہ پانڈا بانڈ سے حاصل ہونے والی رقم ماحول دوست اور سماجی اہمیت کے حامل منصوبوں، بالخصوص پانی، توانائی اور صحت کے شعبوں میں استعمال کی جائے گی۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے اپنے ویڈیو پیغام میں کلائمیٹ بانڈز انیشی ایٹو، حکومت چین، ایشین انفراسٹرکچر انویسٹمنٹ بینک، ایشین ڈویلپمنٹ بینک، سرمایہ کاروں، مشیروں، انڈر رائٹرز اور دیگر شراکت داروں کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے پہلی مرتبہ دنیا کی دوسری بڑی اور دوسری گہری کیپٹل مارکیٹ سے استفادہ کیا ہے، جس سے ملک کے لیے سرمائے کے ایک وسیع اور نئے ذریعے کے دروازے کھلے ہیں اور پاکستان چین کے دیرینہ تزویراتی تعلقات کے مالیاتی پہلو کو مزید تقویت ملی ہے۔ محمد اورنگزیب نے پانڈا بانڈ کو ملنے والے ردعمل کو شاندار قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ پاکستان کے بہتر ہوتے معاشی بنیادی اشاریوں پر سرمایہ کاروں کے اعتماد کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان چین کی مارکیٹ میں ایک مرتبہ قرض لینے تک محدود نہیں رہے گا بلکہ مستقبل میں مزید بانڈز جاری کرنے کے لیے دوبارہ چینی کیپٹل مارکیٹ سے رجوع کرے گا۔

بقیہ 05

پاکستان ثالثی اور مذاکرات کے ذریعے مستقل اور پائیدار امن کا خواہاں ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ پاکستان کے امریکہ اور ایران دونوں کے ساتھ اچھے تعلقات ہیں اور کسی ایک ملک کے ساتھ پاکستان کے تعلقات دوسرے ملک کی قیمت پر نہیں ہیں۔ ان کا کہنا تھا پاکستان تمام ممالک کے ساتھ اپنے قومی مفادات اور باہمی احترام کی بنیاد پر تعلقات آگے بڑھاتا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے مکہ معاہدے کے حوالے سے کہا کہ یہ کسی اچانک پیدا ہونے والی صورتحال کا نتیجہ نہیں بلکہ کئی دہائیوں پر محیط تاریخی اور اسٹریٹجک تعلقات کی باضابطہ شکل ہے۔ ان کے مطابق معاہدہ مکمل طور پر دفاعی نوعیت کا ہے اور اس میں کسی ملک کے خلاف جارحیت یا مداخلت کا کوئی عنصر شامل نہیں۔ انہوں نے کہا کہ مکہ معاہدہ اجتماعی ڈیٹرنس پر مبنی ہے اور اس کا بنیادی مقصد علاقائی امن و استحکام ہے۔ معاہدے کی آپریشنل تفصیلات عام نہیں کی جاتیں کیونکہ کوئی بھی ملک یا فوج اپنی دفاعی اور آپریشنل تفصیلات پبلک نہیں کرتی۔ ان کا کہنا تھا معاہدے کی آپریشنل تفصیلات تینوں ممالک طے کریں گے جبکہ معاہدے میں توسیع کا فیصلہ بھی تینوں ملکوں کی باہمی رضامندی سے ہوگا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے واضح کیا کہ مکہ معاہدے سے چین کے ساتھ پاکستان کے تعلقات پر کوئی اثر نہیں پڑتا اور تمام تعلقات ایک دوسرے کے ساتھ مطابقت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور چین کے تعلقات تزویراتی نوعیت کے ہیں اور پوری دنیا، بشمول چین، تینوں ممالک کے گہرے تعلقات سے آگاہ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مکہ معاہدے میں کوئی ایسی شق نہیں جس کی بنیاد پر اسے ''مسلم الائنس'' قرار دیا جائے۔ علاقائی امن، استحکام اور عدم جارحیت پر یقین رکھنے والے خواہشمند ممالک مستقبل میں اس میں شامل ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات کو عوامی، جذباتی، ثقافتی اور حکومتی سطح پر گہرا قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکومت پاکستان پہلے ہی واضح کر چکی ہے کہ ہر ملک کے اپنے الگ قومی مفادات ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا مقصد علاقائی کشیدگی میں اضافے کے بجائے مذاکرات، ثالثی اور سفارتی ذرائع سے دیرپا امن کو فروغ دینا ہے۔ بھارت کے ساتھ تعلقات کے حوالے سے ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ پاکستان برابری، خودمختاری کے احترام اور بھارت کی جانب سے دہشت گردی کے خاتمے کی شرط پر ہی کسی بھی قسم کے مذاکرات یا بات چیت کا قائل ہے۔ انہوں نے مئی 2025 کے تنازع کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے اس دوران واضح کیا تھا کہ دو ایٹمی طاقتوں کے درمیان فوجی تصادم ''پاگل پن اور اسٹریٹجک حماقت'' ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے بھارت میں اقلیتوں کے ساتھ روا رکھے جانے والے سلوک پر بھی تنقید کی اور کہا کہ ان کے مطابق بھارت اپنی اندرونی ناکامیوں کو بیرونی مسائل کے طور پر پیش کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ افغانستان میں دہشت گرد تنظیموں کی موجودگی کے حوالے سے ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ اقوام متحدہ کی رپورٹس بھی القاعدہ، تحریک طالبان پاکستان، بلوچستان لبریشن آرمی اور دیگر دہشت گرد تنظیموں کی افغانستان میں موجودگی کی نشاندہی کرتی ہیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ پاکستان دہشت گردی کے خلاف دنیا کی سب سے کامیاب انسداد دہشت گردی مہم چلا رہا ہے۔ ان کے مطابق رواں سال ہزاروں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے گئے اور بڑی تعداد میں دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا۔ بلوچستان کی صورتحال پر ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ وہاں کسی قسم کی بغاوت نہیں بلکہ یہ ان کے بقول خالصتاً دہشت گردی ہے جسے بیرونی عناصر کی پشت پناہی حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں اور مینہ پراکسیز کے خلاف فوجی کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ انہوں نے کہا بلوچستان کے عوام، بالخصوص نوجوان نسل کی ترقی، بہتر گورننس اور فلاح و بہبود کے لیے سیاسی اور اقتصادی اقدامات بھی کیے جا رہے ہیں۔ 2025 کے پاک بھارت تنازع کے حوالے سے لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ پاکستان نے ''ہر ڈومین'' میں بھارت کو جواب دیا، فضائی، زمینی، سائبر، بحری، سفارتی اور انفارمیشن کے شعبوں میں بھرپور اور مؤثر ردعمل دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے اپنی مجموعی صلاحیت کا صرف 10 سے 15 فیصد حصہ استعمال کیا تھا۔ ان کا کہنا تھا بھارتی عسکری ترجمان چند گھنٹوں کے اندر اسکرین پر آئے اور جنگ بندی کی بات کرنے لگے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے خبردار کیا کہ اگر بھارت نے دوبارہ کسی فالس فلیگ آپریشن یا جارحیت کی کوشش کی تو اس کے نتائج اس کی توقع سے زیادہ خطرناک ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے ساتھ تنازع کو جوہری تصادم میں تبدیل ہونے سے روکنے کے لیے پاکستان کا عزم سب سے بڑا میکنزم ہے، تاہم ان کا کہنا تھا اگر بھارت نے کوئی حماقت کی تو وہ خود تباہی کی طرف چلا جائے گا۔

بقیہ 06

پیٹرول پمپ مالکان کو وزیر اعظم پاکستان کے احکامات پر فوری عمل درآمد یقینی بنانے کی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ سستے پیٹرول کے حصول کے لیے شہری اپنے نام پر رجسٹرڈ سم سے 9771 پر مقررہ فارمیٹ میں میسج بھیج کر رجسٹریشن مکمل کر سکتے ہیں۔ عوام کی سہولت کے لیے دفتر ڈپٹی کمشنر سبی میں خصوصی ڈیسک بھی قائم کیا جا رہا ہے، جہاں شہریوں کو رجسٹریشن کے مکمل طریقہ کار سے آگاہ کیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی نے کہا کہ وزیر اعظم پاکستان کا یہ اقدام غریب اور محنت کش طبقے کے لیے ایک بروقت اور خوش آئند ریلیف ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ سبی عوام کو سہولت کی فراہمی کو یقینی بنائے گی اور اہل شہری بلا تاخیر رجسٹریشن مکمل کر کے اس سہولت سے فائدہ اٹھائیں۔

بقیہ 07

نے بالمر لورالائی کا دورہ کیا اور طلباء و طالبات سے ٹریننگ کے حوالے سے مختلف سوالات کیے۔ انہوں نے طلباء کی جانب سے حاصل کی جانے والی معلومات اور سیکھنے کے عمل میں خصوصی دلچسپی کا اظہار کیا۔ کمشنر لورالائی ڈویژن نے طلباء و طالبات پر زور دیا کہ دور جدید کے تقاضوں کے مطابق ٹیکنالوجی اور جدید مہارتوں میں آگے بڑھیں اور اپنی تعلیمی صلاحیتوں کے ساتھ ساتھ 7 مختلف Practical Skills بھی سیکھیں۔ اس موقع پر انہوں نے طلباء و طالبات کو Career Counseling کے حوالے سے بھی مفید رہنمائی فراہم کی اور مستقبل کے بہتر مواقع کے لیے جدید ٹیکنالوجی سکل ڈویلپمنٹ اور مسلسل سیکھنے کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔

بقیہ 08

جن ڈاکٹر بلال گل سی ای سی سپروائزر جناب شبیر احمد سریرہ، ہیڈ ماسٹر محمد ہاشم ساسولی، ہیلتھ ورکر محمد عرفان اور محمد جہانگیر نے بچوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں چاہیے کہ اپنی صحت کی حفاظت کریں۔ کیونکہ صفائی نصف ایمان ہے اور خاص کر دانتوں کی صفائی اور مناسب دیکھ بھال انتہائی اہم ہے اگر ہم اپنی دانتوں کا اس چھوٹی سی عمر میں خیال نہیں رکھیں گے تو مستقبل میں دانتوں میں کیڑے لگ جائیں گے اور اس سے ہمارے صحت میں خرابی آ جائے گی۔ ہمیں چاہیے کہ دن میں کم از کم دو دفعہ لازمی اپنے دانتوں کی صفائی کریں۔ آخر میں انڈس ہسپتال کی ٹیم نے بچوں میں ٹوتھ پیسٹ اور برش تقسیم کی۔ ہیڈ ماسٹر محمد ہاشم ساسولی اور تمام اساتذہ کرام نے ٹیم کا شکریہ ادا کیا اور امید کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ بھی اس طرح کے آگاہی پروگرام اسکولوں میں منعقد کریں گے۔

بقیہ 09

ہاؤس آف ریپریزنٹیٹوز کے اسپیکر ڈاکٹر جوہری بن عبدل سے ملاقات کے دوران کہی۔ ملاقات میں پاکستان اور ملائیشیا کے درمیان پارلیمانی تعاون، دوطرفہ تعلقات، علاقائی امن و استحکام اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں اسپیکرز نے پارلیمانی روابط کو مزید فروغ دینے اور باہمی تعاون کے دائرہ کار کو وسیع کرنے پر اتفاق کیا۔ سردار ایاز صادق نے مشرق وسطیٰ میں قیام امن کے لیے پاکستان کی کوششوں کی حمایت پر ملائیشیا کے کردار کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان علاقائی امن و استحکام کے لیے اپنی سفارتی کوششیں جاری رکھنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ علاقائی تنازعات کا پرامن حل خطے میں پائیدار امن کے لیے ناگزیر ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ پہلگام واقعے کے بعد پیدا ہونے والی کشیدگی کے دوران پاکستان نے امن کو ترجیح دی اور خطے میں کشیدگی کے خاتمے کے لیے ذمہ دارانہ طرز عمل اختیار کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان خطے میں امن و استحکام کے فروغ کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل کرنا بین الاقوامی قوانین کی روح کے منافی ہے۔ انہوں نے اس امر پر بھی روشنی ڈالی کہ پاکستان کو افغان سرزمین سے دہشت گردی کے چیلنج کا سامنا ہے اور خطے میں پائیدار امن کے لیے تمام مسائل کا سفارتی اور پرامن حل ضروری ہے۔ ملاقات کے دوران اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ مکہ جوائنٹ ڈیفنس معاہدے پر مؤثر عملدرآمد مسلم ممالک کے درمیان اتحاد اور تعاون کو مزید مضبوط بنانے میں معاون ثابت ہوگا۔ سردار ایاز صادق نے اپنے ملائیشین ہم منصب ڈاکٹر جوہری بن عبدل کو پاکستان کا دورہ کرنے کی دعوت بھی دی، جس پر دونوں جانب سے پارلیمانی سطح پر رابطوں اور تعاون کو مزید بڑھانے کی خواہش کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ 10

اور مخلص لوگوں میں شامل تھے۔ وہ سادہ طبیعت، زمین سے جڑے ہوئے، محبت کرنے والے اور دوسروں کا خیال رکھنے والے انسان تھے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سردار سرفراز ڈومکی ہر شخص سے گرمجوشی، محبت اور احترام سے پیش آتے تھے۔ ان کی دوستی میرے لیے باعث اعزاز تھی اور آج بھی ان کی موجودگی، شفقت اور ان کے ساتھ گزارا ہوا خوبصورت وقت شدت سے یاد آتا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سردار سرفراز ڈومکی کی شخصیت اور ان کے ساتھ وابستہ یادیں ہمیشہ دل میں زندہ رہیں گی۔ ان کی وفات ایک ذاتی نقصان تھی جس کا احساس آج بھی اسی شدت سے موجود ہے۔ وزیر اعلیٰ نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم سردار سرفراز ڈومکی کی مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور ان کے اہل خانہ سمیت تمام چاہنے والوں کو صبر و حوصلہ عطا فرمائے۔ میر سرفراز بگٹی نے اپنے پیغام کے اختتام پر کہا کہ عزیز دوست، آپ ہمیشہ یاد رہیں گے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی روح کو سکون اور اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔

بقیہ 11

ل نے یہاں ان سے ملاقات کی۔ ملاقات میں پاک چین دوطرفہ تعلقات، انسداد دہشت گردی اور انسداد منشیات سے متعلق مشترکہ اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں پولیس ٹریننگ ایکسچینج پروگرام اور جدید ٹیکنالوجی و آلات کے حوالے سے تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا، جبکہ چین نے پاکستان میں جدید طرز کے لا انفورسمنٹ سینٹر کے قیام میں تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ لا انفورسمنٹ سینٹر پاک چین دوستی کی ایک اور روشن علامت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے چینی مصنوعی ذہانت پر مبنی ٹیکنالوجی اور جدید آلات سے بہت مدد مل سکتی ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان داخلی سلامتی سے متعلق تعاون کو مزید وسعت دینا چاہتا ہے اور اس سلسلے میں چین کے ساتھ اشتراک کو مزید بڑھایا جائے گا۔ ملاقات کے دوران چینی نائب وزیر پبلک سیکیورٹی گاؤ چی نے دہشت گردی کے خلاف پاکستان کی قربانیوں اور عزم کو سراہا۔ ملاقات میں پولیس ٹریننگ کے شعبے میں تبادلے، جدید ٹیکنالوجی اور آلات کے استعمال سمیت انسداد دہشت گردی اور انسداد منشیات کے لیے مشترکہ اقدامات پر بھی بات چیت ہوئی۔

بقیہ 12

جب ڈرون حملوں میں سعودی عرب کی اہم ایسٹ ویسٹ آئل پائپ لائن کو نقصان پہنچا، سعودی عرب نے ان حملوں کا الزام عراقی ملیشیا پر عائد کیا ہے۔ حملوں کے بعد سعودی حکام نے جمعہ کو مشرق سے مغرب تک صحرا میں قائم تیل کی پائپ لائن بند کر دی جو گزشتہ 6 ماہ کے دوران آبنائے ہرمز کی بندش کے اثرات سے سعودی تیل کی برآمدات کو بڑی حد تک محفوظ رکھنے میں مددگار رہی تھی۔ رائٹرز کے مطابق سعودی عرب کی جانب سے بحیرہ احمر کے راستے تیل کی سپلائی میں کمی کے بعد یورپی صارفین، بالخصوص پولینڈ، متبادل تیل کی تلاش میں تیزی لانے پر مجبور ہو گئے ہیں۔ تجارتی ذرائع کا کہنا ہے کہ سعودی عرب اب آبنائے ہرمز کے راستے مزید تیل برآمد کرنے کی کوشش کر سکتا ہے، اس مقصد کیلئے نام نہاد ڈارک ٹینکرز کا سہارا لیا جا سکتا ہے، جیسا کہ متحدہ عرب امارات اور عراق پہلے ہی کر رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق ایسی خفیہ یا غیر روایتی ٹینکرز کے ذریعے خلیجی تیل پیدا کرنے والے ممالک جنگ سے پہلے کی سطح کے مقابلے میں تقریباً 70 لاکھ سے 90 لاکھ بیرل یومیہ تیل برآمد کرنے میں کامیاب رہے ہیں، جو جنگ سے پہلے کے حجم کا تقریباً 30 سے 40 فیصد بنتا ہے۔

بقیہ 13

کے مطابق ہرنائی کے علاقے اسپین تنگی بابیان، نور خوزہ ڈنڈر امیں سیلابی ریلے میں بہہ جانے والے ایک بچہ اور بچی کی نعشوں کو کئی گھنٹے سعی سے نکال کر ورثاء کے حوالے کر دیا گیا۔

بقیہ 14

خسارہ 9 کروڑ 80 لاکھ ڈالر تک کم ہو گیا۔ مرکزی بینک کے مطابق گزشتہ سال اگست کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 32 کروڑ 40 لاکھ ڈالر ریکارڈ ہوا تھا، جبکہ جولائی 26ء میں کرنٹ اکاؤنٹ 44 کروڑ 50 لاکھ ڈالر خسارے کا شکار رہا تھا۔ سٹیٹ بینک کے مطابق رواں مالی سال کے ابتدائی 2 ماہ کا کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 54 کروڑ 30 لاکھ ڈالر ریکارڈ ہوا۔ مرکزی بینک کے مطابق گزشتہ مالی سال جولائی اور اگست کا مجموعی کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 85 کروڑ 30 لاکھ ڈالر تھا۔

بقیہ 15

ل، وکلاء، تنظیموں، قبائلی عمائدین اور تاجر تنظیموں کے نمائندگان سے ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں کے دوران ملک کی مجموعی سیاسی و معاشی صورتحال، عوامی مسائل اور دیگر اہم قومی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ملکی ترقی، معاشی استحکام، جمہوری عمل کے تسلسل اور عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے باہمی تعاون اور مثبت کردار کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا کہ عوامی نمائندگان، سول سوسائٹی، کاروباری برادری، نوجوانوں، وکلاء اور دیگر طبقات کے درمیان مؤثر رابطہ قومی مسائل کے حل اور ملک کی ترقی کے لیے اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور پارلیمان عوامی فلاح، معاشی استحکام اور ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد اور نمائندہ وفود کی تجاویز قومی پالیسی سازی میں معاون ثابت ہو سکتی ہیں۔ عوامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر اجاگر کرنے اور ان کے حل کے لیے پارلیمانی فورمز کو مؤثر انداز میں استعمال کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ نوجوانوں کو تعلیم، ہنر اور روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرنا ملک کے روشن مستقبل کے لیے ناگزیر ہے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ کاروباری برادری ملکی معیشت کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے، جبکہ وکلاء، طلب، قبائلی عمائدین اور سول سوسائٹی جمہوری اقدار کے فروغ اور معاشرتی استحکام میں اہم شراکت دار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام طبقات کی مشاورت سے عوامی مسائل کا پائیدار حل تلاش کیا جا سکتا ہے اور ملک میں ترقی و خوشحالی کی نئی راہیں ہموار کی جا سکتی ہیں۔ ملاقاتوں میں شرکاء نے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کو اپنے علاقوں اور متعلقہ شعبوں سے متعلق مسائل، تجاویز اور سفارشات سے آگاہ کیا۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے وفود کو یقین دلایا کہ ان کی تجاویز اور مسائل کو متعلقہ فورمز پر اٹھایا جائے گا اور عوامی فلاح کے منصوبوں کو آگے بڑھانے کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ تمام اسٹیک ہولڈرز کو ساتھ لے کر قومی مفاد میں مثبت اور تعمیری کردار کو مزید فروغ دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اتحاد، باہمی احترام اور مسلسل مشاورت کے ذریعے ملک کو درپیش چیلنجز پر قابو پایا جا سکتا ہے اور پاکستان کو ترقی، استحکام اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ 16

سمیت الیکٹرانک، پرنٹ سے وابستہ صحافیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی سیمینار کے آغاز پر کومیٹ کے صدام حسین نے شرکاء صحافیوں کو خوش آمدید کہا اور انسداد پولیو مہم کے حوالے سے صحافیوں کے کردار کی اہمیت پر روشنی ڈالی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ڈی ایچ او نصیر آباد ڈاکٹر ایاز احمد جمالی این اسٹاف کے ڈاکٹر یاسین اور کومیٹ کے صدام حسین نے کہا کہ موجودہ دور الیکٹرانک پرنٹ اور سوشل میڈیا کا دور ہے اس لیے انسداد پولیو مہم کی کامیابی کے لیے میڈیا کا تعاون انتہائی اہمیت کا حامل ہے انہوں نے کہا کہ 21 ستمبر سے نصیر آباد میں انسداد پولیو مہم شروع کی جا رہی ہے جس کے دوران بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جانے کے ساتھ ساتھ والدین اور عوام کو پولیو کے خاتمے کے حوالے سے آگاہی فراہم کی جائے گی انہوں نے صحافیوں پر زور دیا کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کو قومی فریضہ سمجھتے ہوئے پولیو مہم کے پیغام کو زیادہ سے زیادہ عوام تک پہنچائیں خصوصاً سوشل میڈیا کے ذریعے پولیو کی اہمیت و افادیت، پانچ سال سے کم عمر بچوں کو ہر مہم کے دوران پولیو کے قطرے پلانے اور والدین کے تعاون کے حوالے سے شعور اجاگر کریں مقررین نے کہا کہ پولیو ایک خطرناک اور مستقل معذوری کا باعث بننے والی بیماری ہے تاہم بروقت حفاظتی قطرے پلانے سے بچوں کو اس موذی مرض سے محفوظ رکھا جا سکتا ہے انہوں نے کہا کہ معاشرے کے تمام طبقات، والدین، علماء، اساتذہ، قبائلی و سماجی رہنماؤں اور میڈیا کو مل کر انسداد پولیو مہم کو کامیاب بنانا ہوگا سیمینار میں صحافیوں کو پولیو مہم کے مقاصد، ٹیموں کی کارکردگی، عوامی آگاہی، والدین کے تعاون اور سوشل میڈیا پر مثبت و مؤثر پیغام رسانی کے حوالے سے بھی آگاہی فراہم کی گئی اس موقع پر صحافیوں نے محکمہ صحت کے حکام کو یقین دلایا کہ بچوں کو پولیو سے محفوظ بنانے کے لیے جاری قومی کوششوں میں میڈیا اپنا بھرپور کردار ادا کرے گا اور عوام میں آگاہی پیدا کرنے کے لیے انسداد پولیو پیغام کو مؤثر انداز میں اجاگر کیا جائے گا

بقیہ 17

کارکردگی، جاری اقدامات، درپیش چیلنجز اور آئندہ ترجیحات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ سیکرٹریز نے محکموں میں نافذ کیے گئے اصلاحاتی اقدامات، سروس ڈیلیوری میں بہتری، انتظامی کارکردگی اور عوامی سہولت کے فروغ سے متعلق پیش رفت پر روشنی ڈالی۔ اس موقع پر چیف سیکرٹری نے ہدایت کی کہ عوامی خدمت کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے تمام محکمے اپنی کارکردگی میں شفافیت، رفتار اور جوابدہی کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے محکموں میں ڈیجیٹائزیشن پر خصوصی زور دیتے ہوئے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال سے سرکاری امور میں سہولت، تیزی اور شفافیت لائی جا سکتی ہے۔ اس موقع پر آن لائن سسٹم، ڈیجیٹل ریکارڈ، ای۔ گورننس اور مربوط مانیٹرنگ میکانزم کو مزید مؤثر بنانے کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ صوبائی حکومت ادارہ جاتی اصلاحات، بہتر گورننس اور عوامی خدمات کی بروقت فراہمی کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ وہ اپنی کارکردگی کو مزید بہتر بنائیں اور مستقبل کے لیے واضح، قابل عمل اور نتیجہ خیز روڈ میپ کے مطابق کام کریں۔

بقیہ 18

ئینی عدالت کے دائرہ اختیار کا معاملہ بیک وقت زیر بحث آنے پر بانی پی ٹی آئی کی ہسپتال منتقلی کے کیس نے نیا رخ اختیار کر لیا۔ اٹارنی جنرل نے دلائل کی تیاری کے لیے وقت مانگ لیا ہے اور کہا ہے کہ آئینی عدالت کے سوالات پر کوئی بات نہیں کروں گا، عدالتی دائرہ اختیار کے نکتے پر معاونت کروں گا، یہ اپنی نوعیت کا پہلا کیس ہے جبکہ جسٹس شاہد وحید نے ریمارکس دیے ہیں کہ آئینی عدالت قرآن و سنت کے معاملات میں مداخلت نہیں کر سکتی، آئینی عدالت صرف آئین کی تشریح کر سکتی ہے، آئین کی تشریح کے علاوہ تمام معاملات سپریم کورٹ کے پاس ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکم نامے میں لکھا ہے کہ ریکارڈ منگوا کر مقدمات مقرر کیے جائیں، مقدمات مقرر کرنے کا لفظ ہمیں تنگ کر رہا ہے، ہم آئین کی منشا سمجھنا چاہ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عدلیہ کے درمیان باہمی احترام کے قائل ہیں۔ آئینی عدالت کے حکم میں لکھا ہے وہ تعین کرے گی کہ بنیادی حقوق کے کیسز کون سن سکتا ہے، بنیادی حقوق کا معاملہ تو ہر کیس میں ہوتا ہے، شفاف ٹرائل کا بنیادی حق ہر فوجداری کیس میں سامنے آتا ہے۔ ملک میں آئین، قانون اور قرآن کریم سے اوپر کوئی چیز نہیں ہے، قرآن اور سنت کی روشنی میں کیا گیا سپریم کورٹ کے فیصلے کا آئینی عدالت پابند نہیں ہوگی؟ سپریم کورٹ کے فیصلے کی خلاف ورزی کی گئی ہے، اعتماد اور روابط کا شدید فقدان چل رہا ہے۔ سپریم کورٹ کا حکم اب بھی قائم و دائم ہے۔ انہوں نے یہ ریمارکس بدھ کے روز دیے ہیں۔ سپریم کورٹ نے عمران خان کی اسپتال منتقلی کیس میں بدھ کی سماعت سے متعلق تحریری حکم نامہ جاری کرتے ہوئے جسٹس شاہد وحید نے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں اٹارنی جنرل نے سماعت ملتوی کرنے کی استدعا کی جس پر کیس کی سماعت 3 ہفتوں کیلئے ملتوی کرتے ہیں۔ جسٹس شاہد وحید نے اٹارنی جنرل منصور عثمان سے مکالمہ کیا کہ ہمیں آپ پر مکمل اعتماد ہے، اپیلیں فوجداری مقدمہ اور توہین عدالت کی درخواستوں سے آئیں۔ گزشتہ سماعت پر عبوری حکمنامہ جاری کیا تھا۔ عدالت نے کہا کہ کیس آج سماعت کیلئے مقرر تھا تو بتایا گیا کہ حکمنامے کے نتیجے میں کچھ مقدمات دائر ہوئے، بتایا گیا کہ اسلام آباد ہائیکورٹ سے کچھ مقدمات آئینی عدالت تک پہنچے، مقدمات میں بانی پی ٹی آئی کو دیا گیا عبوری ریلیف مانگا گیا تھا۔ مقدمات پر کارروائی بڑھانے سے پہلے سپریم کورٹ میں زیر التوا کیسز کا ریکارڈ منگوا لیا، عدالت کے طلب کرنے پر اٹارنی جنرل پیش ہوئے اور آئینی عدالت کا حکم پڑھ کر سنایا، آئینی عدالت کے حکم میں مقدمات سپریم کورٹ سے لیکر وہاں مقرر کرنے کی ہدایت تھی۔ زیر التوا مقدمات میں آگے کیسے بڑھا جائے اٹارنی جنرل معاونت کریں، ایسا نہیں چاہتے کہ اعلیٰ ترین عدالتوں میں کوئی تضاد سامنے آئے، اٹارنی جنرل نے تسلیم کیا کہ جو کچھ ہوا وہ پہلے کبھی نہیں ہوا تھا جسٹس شاہد وحید کی سربراہی میں بنچ نے سماعت شروع کی تو اس دوران اٹارنی جنرل پاکستان پیش نہیں ہوئے جس پر عدالت نے وقفے کے بعد اٹارنی جنرل کو طلب کیا۔ سپریم کورٹ میں وقفے کے بعد ہونے والی سماعت میں اٹارنی جنرل عدالت میں پیش ہوئے اور آئینی عدالت کا حکم نامہ پڑھ کر سنایا۔ اٹارنی جنرل نے موقف اختیار کیا کہ آئین کے مطابق آئینی عدالت مقدمات کا ریکارڈ ہی نہیں کیسز بھی منگوا سکتی ہے۔ اس پر جسٹس شاہد وحید نے ریمارکس دیے کہ حکم نامے میں لکھا ہے کہ ریکارڈ منگوا کر مقدمات مقرر کیے جائیں، مقدمات مقرر کرنے کا لفظ ہمیں تنگ کر رہا ہے، ہم آئین کی منشا سمجھنا چاہ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عدلیہ کے درمیان باہمی احترام کے قائل ہیں، سوالات کا منفی مطلب نہ لیا جائے یہ صرف سمجھنے کے لیے ہیں۔ جسٹس شاہد وحید نے کہا کہ آئینی عدالت کے حکم میں لکھا ہے وہ تعین کرے گی کہ بنیادی حقوق کے کیسز کون سن سکتا ہے، بنیادی حقوق کا معاملہ تو ہر کیس میں ہوتا ہے، شفاف ٹرائل کا بنیادی حق ہر فوجداری کیس میں سامنے آتا ہے۔ اٹارنی جنرل نے کہا کہ آئینی عدالت کے سوالات پر کوئی بات نہیں کروں گا، عدالتی دائرہ اختیار کے نکتے پر معاونت کروں گا، یہ اپنی نوعیت کا پہلا کیس ہے۔ دوران سماعت جسٹس شاہد وحید نے ریمارکس دیے کہ ملک میں آئین، قانون اور قرآن کریم سے اوپر کوئی چیز نہیں ہے، قرآن اور سنت کی روشنی میں کیا گیا سپریم کورٹ کے فیصلے کا آئینی عدالت پابند نہیں ہوگی؟ اس پر اٹارنی جنرل نے کہا کہ فیصلوں کے اطلاق سے متعلق آرٹیکل 189 واضح ہے، سپریم کورٹ کا شریعت بنچ قرآن و سنت کی تشریح کر سکتا ہے۔ جسٹس شاہد وحید نے کہا کہ آئینی عدالت قرآن و سنت کے معاملات میں مداخلت نہیں کر سکتی، آئینی عدالت صرف آئین کی تشریح کر سکتی ہے، آئین کی تشریح کے علاوہ تمام معاملات سپریم کورٹ کے پاس ہیں۔ عدالت نے استفسار کیا کہ کیا عدالت آج درخواستیں خارج کر دے یا سماعت نہ کرے؟ کیا ہم آئینی عدالت کے حکم کے پابند ہیں؟ اٹارنی جنرل نے کہا کہ اس بات کا تعین ہونا ہے کہ آئینی عدالت کہاں کہاں سے ریکارڈ منگوا سکتی ہے، مناسب ہوگا عدالت کیس پر سماعت مؤخر کر دے۔ جسٹس شاہد وحید نے کہا کہ اڈیالہ جیل انتظامیہ کو آج ذاتی حیثیت میں طلب کیا ہوا تھا، سرکاری افسران میں سے کوئی بھی پیش نہیں ہوا، سپریم کورٹ کے فیصلے کی خلاف ورزی کی گئی ہے، اعتماد اور روابط کا شدید فقدان چل رہا ہے۔ اٹارنی جنرل نے کہا کہ سرکاری افسران کو آج پیش ہونا چاہیے تھا، شاید وہ سمجھے ہوں کہ آج سماعت ہی نہیں ہوگی۔ جسٹس شاہد وحید نے کہا کہ کیا جیل سپرنٹنڈنٹ کے وارنٹ جاری کر دیں؟ اٹارنی جنرل نے کہا کہ مناسب ہوگا کہ ایک موقع دے دیں۔ جسٹس شاہد وحید نے کہا کہ نظر ثانی درخواست میں حکومت نے لکھا ہے کہ نجی ہسپتال میں علاج نہیں ہو سکتا، سپریم کورٹ کے حکم پر عملدرآمد نہیں کیا گیا۔ اٹارنی جنرل نے کہا کہ عدالت کے حکم پر ریکارڈ فراہم کر دیا ہے۔ جسٹس شاہد وحید نے کہا کہ سپریم کورٹ کا حکم اب بھی قائم و دائم ہے۔ وکیل عظمیٰ خان نے بتایا کہ صرف ایک بہن کی بانی پی ٹی آئی سے ملاقات ہو سکی ہے۔ سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی فوجداری اپیل میں کوئی آئینی تشریح درکار نہیں تھی، توہین عدالت کی درخواستوں میں بھی آئین کی تشریح کی ضرورت نہیں ہے، بانی پی ٹی آئی کو عدالتی حکم پر ہسپتال منتقل نہیں کیا گیا۔ سپریم کورٹ نے اپنے حکم میں کہا کہ عدالت میں موجود اپیلیں فوجداری مقدمہ اور توہین عدالت کی درخواستوں سے آئیں، گزشتہ سماعت پر عبوری حکم نامہ جاری کیا تھا، کیس آج سماعت کے لیے مقرر تھا تو بتایا گیا کہ حکم نامہ کے نتیجے میں کچھ مقدمات دائر ہوئے اور اسلام آباد ہائی کورٹ سے کچھ مقدمات آئینی عدالت تک پہنچے جن میں بانی پی ٹی آئی کو دیا گیا عبوری ریلیف مانگا گیا تھا۔ آئینی عدالت نے مقدمات پر کارروائی آگے بڑھانے سے پہلے سپریم کورٹ میں زیر التوا کیسز کا ریکارڈ منگوا لیا اور مقدمات سپریم کورٹ سے لے کر وہاں مقرر کرنے کی ہدایت دی۔ عدالت نے کہا کہ زیر التوا مقدمات میں آگے کیسے بڑھا جائے اٹارنی جنرل معاونت کریں، ایسا نہیں چاہتے کہ اعلیٰ ترین عدالتوں میں کوئی تضاد سامنے آئے۔ اٹارنی جنرل نے تسلیم کیا کہ جو کچھ ہوا وہ پہلے کبھی نہیں ہوا تھا اور عدالت کی معاونت کے لیے وقت مانگتے ہوئے استدعا کی کہ سماعت مؤخر کی جائے۔ عدالت نے قرار دیا کہ آئینی عدالت نے مقدمات کا ریکارڈ منگوا کر سماعت کے لیے فکس کرنے کا آرڈر دیا، مقدمات کو فکس کرنے کے آرڈر کے نتائج کیا ہوں گے اس نکتے پر اٹارنی جنرل معاونت کریں۔ اٹارنی جنرل کی استدعا پر سپریم کورٹ نے کیس کی سماعت تین ہفتوں کے لیے ملتوی کر دی۔

بقیہ 19

شدید رنجیدہ اور مضطرب ہے اور حرمین شریفین کی سلامتی و تقدس ہر پاکستانی کے دل کے قریب ہے۔ اپنے بیان میں وزیر اعظم شہباز شریف نے سعودی مسلح افواج کی بروقت، فوری اور بہادری سے کی جانے والی کارروائی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سعودی افواج نے بروقت کارروائی کر کے مقدس مقام کے تحفظ کے عزم کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان حرمین شریفین کی سلامتی اور تقدس کے تحفظ کے لیے سعودی عرب کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا ہے۔ پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع میں بھی اس کے ساتھ کھڑا ہے۔ وزیر اعظم نے خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے تمام فریقین پر زور دیا کہ وہ تحمل کا مظاہرہ کریں اور کشیدگی بڑھانے سے گریز کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ خطہ پہلے ہی تنازعات سے بہت زیادہ متاثر ہو چکا ہے اور اب مزید کشیدگی سے بچنا ہوگا۔ شہباز شریف نے کہا کہ پائیدار امن کے حصول کا واحد راستہ مذاکرات اور سفارت کاری ہے۔ انہوں نے تمام متعلقہ فریقین پر زور دیا کہ خطے میں امن و استحکام کے لیے بات چیت اور سفارتی ذرائع کو ترجیح دی جائے۔

بقیہ 20

انور ابراہیم کا ایک پرانا انٹرویو ایک بار پھر عالمی میڈیا کی سرخیوں میں آ گیا ہے۔ اس انٹرویو میں بھارتی میڈیا کے اس مذموم اور متعصبانہ عزائم کو بے نقاب کیا گیا ہے جس کے تحت وہ ملائیشین وزیر اعظم کے منہ سے پاکستان کے خلاف زبردستی ایک من گھڑت اور جھوٹا بیانیہ نکلوانا چاہتے تھے۔ رپورٹ کے مطابق، انٹرویو کے دوران بھارتی صحافی نے انتہائی چالاکی اور جان بوجھ کر ملائیشیا کے وزیر اعظم کو اس بات پر اکسانے اور مجبور کرنے کی کوشش کی کہ وہ پاکستان پر ''ریاستی سرپرستی میں دہشتگردی'' جیسے بے بنیاد اور جھوٹے الزامات عائد کریں۔ تاہم، انور ابراہیم نے بھارتی میڈیا کی اس گھٹیا چال کو سختی سے ناکام بناتے ہوئے پاکستان پر لگائے گئے تمام الزامات کو تسلیم کرنے سے صاف انکار کر دیا۔ بھارتی پروپیگنڈے کو مسترد کرتے ہوئے ملائیشین وزیر اعظم انور ابراہیم نے پاکستان کو ایک ''عظیم ملک'' قرار دیا اور کھل کر اس کی شاندار تاریخ، ثقافت اور تہذیب کی بھرپور تعریف کی۔ انہوں نے دنیا کے سامنے پاکستان کے مثبت تشخص کو اجاگر کیا، جس کی وجہ سے ایک بار پھر عالمی سطح پر بھارت کو شدید سبکی کا سامنا کرنا پڑا۔ عالمی مشاورتی ادارے ''دی ڈومیننٹ اسٹریٹیجیز'' نے اس پورے واقعے کو اپنے آفیشل ایکس (تھوڑی دیر پہلے ٹویٹر) ہینڈل پر شیئر کیا۔ اس اہم پوسٹ کی سنگینی اور اہمیت کو دیکھتے ہوئے ملائیشیا کے وزیر اعظم انور ابراہیم نے خود اس پوسٹ کی تائید کی اور اسے اپنے ذاتی ایکس ہینڈل پر ری پوسٹ کیا، جس سے یہ ثابت ہو گیا کہ وہ اپنے اس مؤقف پر مکمل طور پر قائم ہیں۔ یہ واقعہ اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ بھارت عالمی فورمز اور میڈیا پر پاکستان کے خلاف جھوٹا پروپیگنڈا پھیلانے کے لیے کس حد تک گر سکتا ہے، مگر دیانتدار اور منصفانہ عالمی رہنما اب اس طرح کے مذموم بھارتی ہتھکنڈوں کو یکسر مسترد کر رہے ہیں

بقیہ 21

میں سعودی عرب کی خودمختاری اور سالمیت کے ساتھ کھڑا ہے حرمین شریفین کا تحفظ ہر پاکستانی کے دل کے قریب ہے تمام فریقین کشیدگی میں اضافے سے گریز اور زیادہ سے زیادہ تحمل کا مظاہرہ کریں مستقل امن کا واحد راستہ مذاکرات اور سفارت کاری ہے۔

بقیہ 22

عمران شوکت سمیت پولیس کے دیگر اعلیٰ حکام، اہلکاروں اور شہید کے لواحقین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے شہید کانسٹیبل محمد عباس کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا اور لواحقین سے اظہار تعزیت کی۔

بقیہ 23

ف میں، صدر پاکستان نے انڈونیشین نیول چیف کو وقار مملکت کی علامت نشان امتیاز (ملٹری) سے نوازا۔ اسلام آباد کے علاوہ انڈونیشین بحریہ کے سربراہ نے کراچی کا بھی دورہ کیا، جہاں انہوں نے پاک بحریہ کے فیلڈ کمانڈرز سے ملاقاتیں کیں اور پیشہ ورانہ امور پر تبادلہ خیال کیا۔ اس دورے کو دونوں برادر ممالک کی بحری افواج کے مابین تعلقات میں ایک اور سنگ میل قرار دیا جا رہا ہے۔

بقیہ 24

کو سراہا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ باہمی دلچسپی کے تمام امور پر دونوں ممالک کے مابین باقاعدہ اور مسلسل روابط کا جاری رہنا ناگزیر ہے۔ اسحاق ڈار نے خطے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا۔ ترجمان کے مطابق، گفتگو کے دوران نائب وزیر اعظم نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کا خصوصی حوالہ دیا۔ انہوں نے تصدیق کی کہ اس اہم عالمی اجلاس میں پاکستانی وفد کی قیادت وزیر اعظم محمد شہباز شریف کریں گے، جہاں عالمی اور علاقائی امور پر پاکستان کا موقف بھرپور انداز میں پیش کیا جائے گا

بقیہ 25

ہونے لگی ہیں، جبکہ بجلی کی طویل بندش کے باعث شہریوں کو بھی مشکلات کا سامنا ہے۔ مرکزی انجمن تاجران ژوب کے ضلعی صدر باران کلیوال جنرل سیکرٹری حاجی محمد دین خروٹی سینئر نائب صدر حبیب الرحمن کاکڑ چیئرمین یوسف احمد شاہ نور خان لوون حاجی محمد دان کاکڑ حاجی محمد دان مندوخیل میڈیا کوآرڈینیٹر عبدالغفور مندوخیل تاجو شیرانی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ژوب بازار میں دن کے اوقات میں مبینہ طور پر صرف تین گھنٹے بجلی فراہم کی جا رہی ہے، جس کے باعث کاروباری مراکز کا نظام بری طرح متاثر اور تاجر برادری کو روزانہ کی بنیاد پر مالی نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کی فراہمی انتہائی محدود ہونے کے باوجود صارفین کو ہزاروں روپے کے بھاری بجلی کے بل بھیجے جا رہے ہیں۔ اگر بجلی فراہم نہیں کی جا سکتی تو صارفین کو ہزار روپے تک کے بھاری بل بھیجنے کا کیا جواز ہے۔ ضلعی صدر باران کلیوال نے چیف ایگزیکٹو کیسکو بلوچستان ژوب ڈویژن ایکسین اور ایس ڈی او ژوب سے مطالبہ کیا کہ ژوب شہر اور دیہاتی علاقوں میں طویل لوڈشیڈنگ کا فوری نوٹس لے کر ہنگامی بنیادوں پر بجلی کی فراہمی بحال اور لوڈشیڈنگ کے دورانیے میں کمی کی جائے، تاکہ تاجر برادری اور شہریوں کو مزید مشکلات اور مالی نقصان سے بچایا جا سکے۔

بقیہ 26

فاؤنڈیشن کے فارغ التحصیل ٹرینیز کو معیار پر نا اترنے کے مختلف حوالے سے تفصیلی بات چیت کی گئی اور عوامی حلقوں کی جانب سے کمپنی کو اپنے فیصلے پر نظر ثانی کرنے کی اپیل کی گئی، کمپنی کے آفیسران سے ملاقات کرنے والوں سماجی رہنما منظور احمد کبدانی، داود خان اچکزئی، مولا بخش عالیزئی، سر رضا، حاجی قادر جان سنجرانی، محمد ناصر کبدانی، بابو عبدالرب، حاجی غلام گمشادزئی، ملک عبدالصمد، مولانا فضل اللہ، عبدالرحیم عالیزئی اور عبدالروف شامل تھے۔ ملاقات کرنے والوں نے کمپنی کے آفیسران کی موجودگی میں پیغام دیا کہ جب آر ڈی ایم سی کے آفیسران فارغ شدہ ٹرینیز کے تقسیم اسناد کے پروگرام میں شریک تھے تو انہوں نے کبھی طلباء کے معیار پر سوال نہیں اٹھایا جب انہوں نے 6 ماہ کے عرصے تک ٹریننگ حاصل کر کے اسناد حاصل کیے تو اب ان کے معیار کے بہانے اور کمپنی کے معیار پر ٹرینیز کے نا اترنے جیسے حیلے بہانے سمجھ سے بالاتر ہے انہوں نے بتایا کہ خطیر فنڈز سے چلنے والے ہنر فاؤنڈیشن کے رزلٹ فارغ التحصیل ٹرینیز ہیں جنہیں کمپنی کو اپنے فیصلوں پر نظر ثانی کر کے کمپنی میں بھرتی کرنی چاہیے ساتھ ہی انہوں نے مطالبہ کیا کہ پروجیکٹ تحصیل نوکنڈی میں واقع ہونے اور نوکنڈی سے قریب ترین ہونے کے باعث نوکنڈی کو ہر حال میں پی ون میں شامل کیا جائے جو کہ علاقائی حوالے سے بنیادی حق ہے کمپنی کے آفیسران نے یقین دہانی کرائی کہ وہ نوکنڈی عوام کے رائے اور مطالبے کو کمپنی کے بالا مینجمنٹ آفیسران تک پہنچائیں گے۔

بقیہ 27

ن سینٹر اف ایکسیلنس، ڈاکٹر دوست محمد، ڈپٹی کوارڈینیشن افیسر ڈاکٹر عصمت خان، وائس چانسلر سردار بہادر خان یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق ایگزیکٹو ڈائریکٹر لوک ورثہ، ڈاکٹر محمد وقاص سلیم اور انچارج ریہیبلیٹیشن سینٹر فہیدہ کاکڑ نے شرکت کی اس سیمینار کا مقصد قومی ثقافتی بیانیہ کی اہمیت کو اجاگر کرنے، فروغ دینے، نوجوانوں اور طالب علموں کو مثبت، تعمیری اور مؤثر کردار ادا کرنے کے لیے متحرک کرنا تھا۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کی ثقافتی شناخت کا حاشیہ نہیں بلکہ اس کا ایک بنیادی باب ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان کے بغیر پاکستان کی تاریخ، تہذیب اور قومی شناخت کی تصویر مکمل نہیں ہو سکتی۔ اس کے علاوہ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ہم ایک ایسا پاکستان چاہتے ہیں جس میں کسی شہری کو یہ محسوس نہ ہو کہ اس کی زبان، ثقافت یا علاقائی شناخت کو نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ وزیر تعلیم بلوچستان، راحیلہ حمید درانی نے اپنے خطاب میں اس بات پر زور دیا کہ ثقافت کو کبھی بھی تقسیم کا ذریعہ نہیں بننا چاہیے بلکہ یہ لوگوں کو آپس میں جوڑنے کا بہترین وسیلہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام ثقافتوں کا احترام کرنا اور باہمی اتحاد کو فروغ دینا ناگزیر ہے۔ مزید برآں، انہوں نے اس بات کا اظہار کیا کہ بلوچستان اپنے روایتی ہنر، دستکاری اور سیاحت کے شعبے کے ذریعے ثقافتی تنوع سے باآسانی آمدنی حاصل کر سکتا ہے۔ پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ (پی پی اے ایف) کے سی ای او، نادر گل بڑیچ نے کہا کہ ان کا ادارہ بلوچستان کے 41 اضلاع میں پائیدار ترقی، سماجی ہم آہنگی اور امن کے فروغ کے لیے بھرپور اقدامات کر رہا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ہنر مند افراد اور خصوصاً خواتین کو قرضے اور تربیت فراہم کرنے سے وہ مع طور پر خود مختار ہو کر اپنے خاندانوں کا سہارا بن رہی ہیں۔ مزید برآں، انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ خواتین کو تعلیم، معاشی خودمختاری اور امن کے قیام میں فعال کردار دے کر ہی معاشرے کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جا سکتا ہے۔ مقررین نے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے قومی ثقافتی بیانیے (نقوش وطن) کی اہمیت اور ثقافتی فروغ پر روشنی ڈالی، اور معاشرے میں امن کے قیام، روایات کے تحفظ اور پائیدار ترقی کے لیے خواتین کے کلیدی اور با اختیار کردار کو ناگزیر قرار دیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ثقافت کو تقسیم کے بجائے قوم کو جوڑنے اور سماجی ہم آہنگی پیدا کرنے کے لیے ایک مؤثر وسیلے کے طور پر استعمال کیا جانا چاہیے۔ مزید برآں، مقررین نے بلوچستان کے بھرپور ثقافتی ورثے اور ہنر مند خواتین کو معاشی طور پر خود مختار بنانے کے ذریعے خطے کی ترقی کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 28

ریجنل ٹیکس آفسز (آر ٹی اوز) اور کارپوریٹ ٹیکس آفسز (سی ٹی اوز) نے ویڈیو لنک کے ذریعے آن لائن شرکت کی۔ اجلاس میں آسان ٹیکس سکیم کے حوالے سے آر ٹی اوز اور سی ٹی اوز کی اب تک کی کارکردگی اور سکیم پر عمل درآمد میں پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر تاجروں کی جانب سے آسان ٹیکس سکیم پر اب تک موصول ہونے والے فیڈ بیک کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ تاجر نمائندے اور ایف بی آر افسران مل کر اپنے متعلقہ علاقوں کے بازاروں میں رجسٹریشن کی سہولت فراہم کرنے کی حکمت عملی بنائیں گے۔ ایف بی آر کے ریجنل ٹیکس اور کارپوریٹ ٹیکس دفاتر کے افسران اگلے دنوں میں تاجروں کے نمائندوں کے ساتھ مل کر ملک بھر میں پہلے سے طے شدہ اوقات پر بازاروں میں جائیں گے۔ آئندہ ہفتے وزیر مملکت بلال اظہر کیانی کی صدارت میں آسان ٹیکس سکیم پر دوبارہ اجلاس منعقد ہوگا جس میں پیش رفت کا جائزہ لیا جائے گا۔ وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف کی سرپرستی میں حکومت نے تاجروں کے مطالبے پر آسان ٹیکس سکیم جاری کی اور وعدے کو پورا کرتے ہوئے اس پر مؤثر عمل درآمد کا آغاز کر دیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ آج آسان ٹیکس سکیم کے تحت اسلام آباد میں پہلی پلیٹ لگائی گئی ہے جس سے حکومت نے اپنا وعدہ پورا کر دیا ہے۔ کل ملک بھر میں آسان ٹیکس سکیم کا حصہ بننے والے دکانداروں کی دکانوں پر پلیٹیں لگائی جائیں گی۔ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ یہ سکیم ٹیکس نیٹ کو بڑھانے اور تاجروں کی زندگی میں سہولت لانے کا باعث بنے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ آسان ٹیکس سکیم پر پیش رفت کا مسلسل جائزہ لیا جائے گا اور اس تاریخی سکیم کو کامیاب بنانے کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔

بقیہ 29

، آرمڈ فورسز انسٹی ٹیوٹ آف یورولوجی راولپنڈی کی نیشنل آف آرگنائزیشن اینڈ ایکوپمنٹ میں نظر ثانی اور ماحول دوست طریقے سے بحری جہازوں میں موجود مضر مواد کے انتظام سے متعلق بل 2026 کی منظوری شامل ہے۔ صدر مملکت نے پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز کی اسٹاف نرس رضیہ نورین کو تمغہ شجاعت دینے کی منظوری بھی دی، جنہوں نے آتشزدگی کے واقعے کے دوران اپنی جان خطرے میں ڈال کر واحد زندہ بچنے والے بچے کو بحفاظت باہر نکالا۔

بقیہ 30

کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کی سلامتی اور خودمختاری کا احترام کیا جانا چاہیے، جبکہ خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے خاتمے کے لیے تمام فریقین کو ذمہ دارانہ کردار ادا کرنا ہوگا۔ سینیٹر شیخ بلال مندوخیل کا کہنا تھا کہ مسلم دنیا مقدس مقامات کی حرمت اور سلامتی کے معاملے پر متحد ہے اور حرمین شریفین کے تحفظ کو ہر سطح پر اہمیت حاصل ہے۔ انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ خطے میں امن و استحکام کے لیے مؤثر کردار ادا کرے اور ایسے اقدامات کی روک تھام کی جائے جو کشیدگی میں اضافے کا باعث بن سکتے ہیں۔

بقیہ 31

اقدامات، پیش رفت، درپیش مشکلات اور آئندہ کے لائحہ عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ صوبے بھر سے اب تک تقریباً 8 لاکھ افغان مہاجرین کو واپس افغانستان بھیجا جا چکا ہے، جبکہ کوئٹہ میں 3 لاکھ 50 ہزار سے زائد افغان مہاجرین رضاکارانہ واپسی یا انتظامیہ کی جانب سے کی گئی کارروائیوں کے نتیجے میں افغانستان واپس جا چکے ہیں۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ افغان مہاجرین کی واپسی کے عمل کو مؤثر بنانے کے لیے ضلعی انتظامیہ، پولیس اور ایف سی سمیت متعلقہ اداروں پر مشتمل مشترکہ کارروائیاں جاری ہیں۔ کوئٹہ میں اس وقت تقریباً 23 ہزار افغان مہاجرین باقی ہیں جن کی واپسی کے لیے متعلقہ اداروں کی جانب سے کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ اجلاس میں افغان مہاجرین کی واپسی کے عمل کے دوران درپیش مختلف انتظامی اور عملی مشکلات پر بھی غور کیا گیا اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی گئی کہ باہمی رابطہ کاری کو مزید مؤثر بنایا جائے تاکہ واپسی کے عمل کو قواعد و ضوابط کے مطابق آگے بڑھایا جا سکے۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ ایسے افغان مہاجرین جو واپسی کے بعد دوبارہ پاکستان آ رہے ہیں یا جن کی دوبارہ آمد کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں، ان کے خلاف کارروائی کے حوالے سے محکمہ داخلہ سے باقاعدہ ہدایات حاصل کی جائیں گی، جس کے بعد قانون اور حکومتی پالیسی کے مطابق آئندہ کا لائحہ عمل اختیار کیا جائے گا۔ کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ افغان مہاجرین کی واپسی کے عمل میں تمام متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری یقینی بنائی جائے اور حکومتی احکامات و پالیسی کے مطابق کارروائیوں کو آگے بڑھایا جائے۔

بقیہ 32

دھ کے معیار کی جانچ کی گئی۔ بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی انسپکشن ٹیموں نے خصوصی مہم کے پہلے روز کوئٹہ اور لورالائی میں کارروائیاں کرتے ہوئے 2 یونٹس سیل جبکہ 18 مراکز اور ملک سپلائرز کو جرمانے کیے۔ کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 59 دودھ بردار گاڑیوں و موٹر سائیکلوں سمیت 7 دودھ کی دکانوں کا معائنہ کیا گیا۔ ترجمان بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے مطابق کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 19,221 لیٹر دودھ جبکہ بڑی مقدار میں دہی کے معیار کی جانچ کی گئی۔ ملاوٹ، ناقص معیار اور انسانی صحت کے لیے مضر پائے جانے والے تقریباً 2,000 لیٹر دودھ اور بڑی مقدار میں دہی کو موقع پر تلف کر دیا گیا۔ بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی موبائل لیبارٹری کے ذریعے دودھ کے نمونوں کی موقع پر جانچ کی گئی جس میں دودھ میں پانی اور اسکمڈ ملک کی ملاوٹ کی نشاندہی کی گئی۔ خلاف ورزی ثابت ہونے پر موقع پر ہی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے مشتبہ دودھ کے ڈبے بھی ضبط کیے گئے۔ انسپکشن ٹیموں نے دودھ فروشوں اور ملک سپلائرز کے خلاف کارروائیوں کے دوران حفظان صحت کے ناقص انتظامات، غیر مناسب اسٹوریج، آلودہ برتنوں، صفائی کی ابتر صورتحال اور بغیر لائسنس کاروبار سمیت مختلف خلاف ورزیوں کا بھی نوٹس لیا۔ خصوصی ملک ٹیسٹنگ مہم سے متعلق ڈائریکٹر آپریشنز بلوچستان فوڈ اتھارٹی ہیڈ کوارٹر فخر الدین مری کا کہنا ہے کہ دودھ بنیادی اور روزمرہ استعمال کی اہم غذا ہے اس لیے دودھ کے معیار اور خالص پن پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ موبائل لیبارٹری کے ذریعے موقع پر دودھ کی جانچ کا عمل مزید مؤثر بنایا گیا ہے تاکہ ملاوٹ کی فوری نشاندہی کر کے عوام کو غیر معیاری دودھ کی فراہمی روکی جا سکے۔ فخر الدین مری نے کہا کہ دودھ میں پانی، اسکمڈ ملک یا دیگر غیر مجاز اجزا کی ملاوٹ انسانی صحت کے لیے نقصان دہ ہے، اس لیے دودھ فروشوں اور ملک سپلائرز کو مقررہ فوڈ سیفٹی قوانین اور حفظان صحت کے اصولوں پر سختی سے عملدرآمد کرنا ہوگا۔

بقیہ 01

کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کی سلامتی اور خودمختاری کا احترام کیا جانا چاہیے، جبکہ خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے خاتمے کے لیے تمام فریقین کو ذمہ دارانہ کردار ادا کرنا ہوگا۔ سینیٹر شیخ بلال مندوخیل کا کہنا تھا کہ مسلم دنیا مقدس مقامات کی حرمت اور سلامتی کے معاملے پر متحد ہے اور حرمین شریفین کے تحفظ کو ہر سطح پر اہمیت حاصل ہے۔ انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ خطے میں امن و استحکام کے لیے مؤثر کردار ادا کرے اور ایسے اقدامات کی روک تھام کی جائے جو کشیدگی میں اضافے کا باعث بن سکتے ہیں۔

بقیہ 02

اقدامات، پیش رفت، درپیش مشکلات اور آئندہ کے لائحہ عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ صوبے بھر سے اب تک تقریباً 8 لاکھ افغان مہاجرین کو واپس افغانستان بھیجا جا چکا ہے، جبکہ کوئٹہ میں 3 لاکھ 50 ہزار سے زائد افغان مہاجرین رضاکارانہ واپسی یا انتظامیہ کی جانب سے کی گئی کارروائیوں کے نتیجے میں افغانستان واپس جا چکے ہیں۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ افغان مہاجرین کی واپسی کے عمل کو مؤثر بنانے کے لیے ضلعی انتظامیہ، پولیس اور ایف سی سمیت متعلقہ اداروں پر مشتمل مشترکہ کارروائیاں جاری ہیں۔ کوئٹہ میں اس وقت تقریباً 23 ہزار افغان مہاجرین باقی ہیں جن کی واپسی کے لیے متعلقہ اداروں کی جانب سے کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ اجلاس میں افغان مہاجرین کی واپسی کے عمل کے دوران درپیش مختلف انتظامی اور عملی مشکلات پر بھی غور کیا گیا اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی گئی کہ باہمی رابطہ کاری کو مزید مؤثر بنایا جائے تاکہ واپسی کے عمل کو قواعد و ضوابط کے مطابق آگے بڑھایا جا سکے۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ ایسے افغان مہاجرین جو واپسی کے بعد دوبارہ پاکستان آ رہے ہیں یا جن کی دوبارہ آمد کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں، ان کے خلاف کارروائی کے حوالے سے محکمہ داخلہ سے باقاعدہ ہدایات حاصل کی جائیں گی، جس کے بعد قانون اور حکومتی پالیسی کے مطابق آئندہ کا لائحہ عمل اختیار کیا جائے گا۔ کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ افغان مہاجرین کی واپسی کے عمل میں تمام متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری یقینی بنائی جائے اور حکومتی احکامات و پالیسی کے مطابق کارروائیوں کو آگے بڑھایا جائے۔

بقیہ 03

دودھ کے معیار کی جانچ کی گئی۔ بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی انسپکشن ٹیموں نے خصوصی مہم کے پہلے روز کوئٹہ اور لورالائی میں کارروائیاں کرتے ہوئے 2 یونٹس سیل جبکہ 18 مراکز اور ملک سپلائرز کو جرمانے کیے۔ کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 59 دودھ بردار گاڑیوں و موٹر سائیکلوں سمیت 7 دودھ کی دکانوں کا معائنہ کیا گیا۔ ترجمان بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے مطابق کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 19,221 لیٹر دودھ جبکہ بڑی مقدار میں دہی کے معیار کی جانچ کی گئی۔ ملاوٹ، ناقص معیار اور انسانی صحت کے لیے مضر پائے جانے والے تقریباً 2,000 لیٹر دودھ اور بڑی مقدار میں دہی کو موقع پر تلف کر دیا گیا۔ بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی موبائل لیبارٹری کے ذریعے دودھ کے نمونوں کی موقع پر جانچ کی گئی جس میں دودھ میں پانی اور اسکمڈ ملک کی ملاوٹ کی نشاندہی کی گئی۔ خلاف ورزی ثابت ہونے پر موقع پر ہی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے مشتبہ دودھ کے ڈبے بھی ضبط کیے گئے۔ انسپکشن ٹیموں نے دودھ فروشوں اور ملک سپلائرز کے خلاف کارروائیوں کے دوران حفظان صحت کے ناقص انتظامات، غیر مناسب اسٹوریج، آلودہ برتنوں، صفائی کی ابتر صورتحال اور بغیر لائسنس کاروبار سمیت مختلف خلاف ورزیوں کا بھی نوٹس لیا۔ خصوصی ملک ٹیسٹنگ مہم سے متعلق ڈائریکٹر آپریشنز بلوچستان فوڈ اتھارٹی ہیڈکوارٹر فخرالدین مری کا کہنا ہے کہ دودھ بنیادی اور روزمرہ استعمال کی اہم غذا ہے اس لیے دودھ کے معیار اور خالص پن پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ موبائل لیبارٹری کے ذریعے موقع پر دودھ کی جانچ کا عمل مزید مؤثر بنایا گیا ہے تاکہ ملاوٹ کی فوری نشاندہی کر کے عوام کو غیر معیاری دودھ کی فراہمی روکی جا سکے۔ فخرالدین مری نے کہا کہ دودھ میں پانی، اسکمڈ ملک یا دیگر غیر مجاز اجزا کی ملاوٹ انسانی صحت کے لیے نقصان دہ ہے، اس لیے دودھ فروشوں اور ملک سپلائرز کو مقررہ فوڈ سیفٹی قوانین اور حفظان صحت کے اصولوں پر سختی سے عملدرآمد کرنا ہوگا۔ انہوں نے واضح کیا کہ خلاف ورزی کی صورت میں جرمانے، سیلنگ اور دیگر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ڈائریکٹر آپریشنز نے مزید کہا کہ بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ٹیمیں دودھ کے معیار کی نگرانی کے لیے مختلف علاقوں میں باقاعدگی سے چیکنگ جاری رکھیں گی۔ انہوں نے عوام سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ ملاوٹی، مشتبہ یا غیر معیاری دودھ کی فروخت کی اطلاع بلوچستان فوڈ اتھارٹی کو دیں تاکہ صحت دشمن عناصر کے خلاف بروقت کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔

بقیہ 04

میں بننے والے مجوزہ سپورٹس کمپلیکس کی جگہ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر افسران نے سپورٹس کمپلیکس کے لیے مختص زمین کا موقع پر معائنہ اور جانچ پڑتال کی جبکہ زمین کی حدود اور ریکارڈ سے متعلق امور کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) نے متعلقہ عملے کو زمین کی مکمل جانچ پڑتال اور ضروری ریکارڈ کی تکمیل کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔

بقیہ 05

ں پر 3.03 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جبکہ ماہانہ بنیادوں پر بڑی صنعتوں کی پیداوار میں 9.51 فیصد اضافہ ہوا۔ اعداد و شمار کے مطابق جولائی 2026 میں بڑی صنعتوں کا کوانٹم انڈیکس 119.13 ریکارڈ کیا گیا۔ صنعتی شعبوں کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے تو گارمنٹس کی پیداوار میں سالانہ بنیادوں پر 22.03 فیصد اضافہ ہوا، جبکہ آٹو موبائل کی پیداوار 57.01 فیصد بڑھ گئی۔ جولائی کے دوران سیمنٹ کی پیداوار میں 6.17 فیصد، پٹرولیم مصنوعات میں 1.34 فیصد اور کاٹن یارن کی پیداوار میں 2.73 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ دوسری جانب بعض اہم صنعتی شعبوں کی پیداوار میں کمی بھی دیکھنے میں آئی۔ اعداد و شمار کے مطابق کھاد کی پیداوار 4.71 فیصد کم ہوئی، جبکہ آئرن اینڈ اسٹیل کی پیداوار میں 11.40 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ کاٹن کلاتھ کی پیداوار میں بھی 0.09 فیصد معمولی کمی ہوئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق بڑی صنعتوں کی مجموعی شرح نمو میں گارمنٹس شعبے کا حصہ 3.87 فیصد رہا، جبکہ آٹو موبائل کا حصہ 1.91 فیصد اور سیمنٹ کا حصہ 0.36 فیصد رہا۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ جولائی میں بڑی صنعتوں کی مجموعی پیداوار میں اضافہ بنیادی طور پر بعض مینوفیکچرنگ شعبوں کی بہتر کارکردگی کے باعث ریکارڈ کیا گیا، تاہم کھاد، آئرن اینڈ اسٹیل اور کاٹن کلاتھ سمیت چند شعبوں میں کمی بھی سامنے آئی۔

بقیہ 06

کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے پی ایم اسپیشل ریلیف اسکیم کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس ہوا۔ اجلاس میں وزیراعظم فیول سبسڈی اسکیم پر عملدرآمد اور اب تک ہونے والی پیش رفت کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ حکام نے بتایا کہ اسکیم کے تحت موٹر سائیکل، رکشہ اور 800 سی سی تک کی گاڑیوں کے مالکان کو فیول سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ اسلام آباد میں اسکیم کے پائلٹ منصوبے کے افتتاح کے بعد اب اسے ملک بھر سمیت آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان میں بھی شروع کر دیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق اسکیم کو عوام کے لیے آسان اور سادہ بنایا گیا ہے جبکہ رجسٹریشن کے لیے صرف چار بنیادی معلومات درکار ہیں۔ حکام کے مطابق درخواست گزار کو اپنا شناختی کارڈ نمبر، گاڑی کا نمبر پلیٹ، گاڑی کی رجسٹریشن کا صوبہ اور گاڑی کی رجسٹریشن کی تاریخ فراہم کرنا ہوگی۔ کامیاب رجسٹریشن کی تعداد میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے جبکہ ملک گیر سطح پر اسکیم کے نفاذ کے لیے صوبائی حکومتیں بھی بھرپور تعاون کر رہی ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے عوام کو سبسڈی کے حصول میں آسانی فراہم کرنے کے لیے انتظامیہ، رضاکاروں اور پٹرول پمپ کے عملے پر مشتمل سہولت ڈیسک قائم کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ سہولت ڈیسک پر موجود عملہ اسکیم کے مستحق شہریوں کی رہنمائی کرے اور رجسٹریشن سمیت دیگر ضروری مراحل مکمل کرنے میں عوام کو ہر ممکن معاونت فراہم کی جائے۔ وزیراعظم نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ عوام میں اسکیم کے حوالے سے آگاہی پیدا کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں اور شہریوں کو طریقہ کار، اہلیت اور رجسٹریشن کے بارے میں مکمل معلومات فراہم کی جائیں۔ اجلاس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزراء احد خان چیمہ، عطاء اللہ تارڑ، شزا فاطمہ خواجہ، علی پرویز ملک، وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی، معاون خصوصی طارق باجوہ اور متعلقہ اداروں کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ حکام نے اجلاس کو بتایا کہ فیول سبسڈی اسکیم کی مکمل تفصیلات "پی ایم فیول ریلیف" کی اردو ویب سائٹ پر دستیاب ہیں اور شہری وہاں سے اسکیم کے طریقہ کار اور رجسٹریشن سے متعلق معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

بقیہ 07

کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کی سلامتی اور خودمختاری کا احترام کیا جانا چاہیے، جبکہ خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے خاتمے کے لیے تمام فریقین کو ذمہ دارانہ کردار ادا کرنا ہوگا۔ سینیٹر شیخ بلال مندوخیل کا کہنا تھا کہ مسلم دنیا مقدس مقامات کی حرمت اور سلامتی کے معاملے پر متحد ہے اور حرمین شریفین کے تحفظ کو ہر سطح پر اہمیت حاصل ہے۔ انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ خطے میں امن و استحکام کے لیے مؤثر کردار ادا کرے اور ایسے اقدامات کی روک تھام کی جائے جو کشیدگی میں اضافے کا باعث بن سکتے ہیں۔

بقیہ 08

گئے زیورات کی مالیت لاکھوں روپے بتائی جا رہی ہے۔ علاقے میں آئے روز چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کے باعث شہریوں اور تاجروں میں شدید تشویش پائی جاتی ہے، جبکہ شہریوں نے پولیس اور ضلعی انتظامیہ سے جرائم کی روک تھام اور ملزمان کی گرفتاری کے لیے مؤثر اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 09

کی مختلف علاقوں میں کارروائی کے حوالے سے جاری کردہ اپنے ایک پریس ریلیز میں کہی۔ ان کی ہدایات پر محکمہ کی ٹیموں نے مختلف علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے شکاریوں کو آئندہ غیر قانونی شکار سے باز رہنے کی سختی سے تنبیہ کی۔ ڈپٹی کنزرویٹر نے کہا کہ جنگلی حیات قدرتی ماحول اور ماحولیاتی توازن کا اہم حصہ ہے، اس کے تحفظ کے لیے غیر قانونی شکار کی روک تھام اور قانون پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنایا جا رہا ہے۔ خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی اور ایف آئی آر کا اندراج کیا جائے گا۔ انہوں نے شہریوں اور بالخصوص والدین سے اپیل کی کہ وہ بچوں کو غیر قانونی شکار سے روکیں اور جنگلی حیات کے تحفظ میں محکمہ کے ساتھ تعاون کریں۔

بقیہ 10

نے 100 ایکڑ رقبے پر مشتمل گڈانی پراجیکٹ سائٹ کے مختلف سیکشن کا دورہ کیا۔ پراجیکٹ ڈائریکٹر سعید عمرانی نے کمشنر کو بتایا کہ ہانگ کانگ کنونشن کے آئیڈیاز کے تحت گڈانی شپ بریکنگ یارڈ میں ویسٹ مینجمنٹ پلان سائٹ 30 بیڈڈ ہسپتال فائر فائٹنگ ریسکیو سیفٹی لیبرز ٹریننگ سینٹر سولر سسٹم کی تنصیب اسکول کی تعمیر گرین یارڈ اور دیگر ترقیاتی پراجیکٹس پر کام شروع کر دیا گیا ہے کمشنر کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ گڈانی شپ بریکنگ یارڈ کی توسیعی منصوبے پر بھی کام شروع کر دیا گیا ہے اس سلسلے میں کنسلٹنٹ کی خدمات حاصل کی گئی ہیں پراجیکٹ ڈائریکٹر نے بریفنگ میں بتایا کہ ایکنک نے 2024 میں منصوبے کی منظوری دی اور 2025 میں پراجیکٹ پر کام شروع کیا گیا انہوں نے بتایا کہ نیشنل اسٹیئرنگ کمیٹی کے فیصلوں کی روشنی میں پراجیکٹ کی کنسلٹنسی فیزیبلٹی اسٹڈی کیلئے پراجیکٹ کا پانچ فیصد فنڈ مختص کیا گیا ہے اس ٹینڈرنگ کے ذریعے پہلے مرحلے میں 26 ایکڑ رقبے پر 5 میگاواٹ سولرائزیشن 19 ایکڑ رقبے پر اسکول اور سات ہزار اسکوائر فٹ رقبے پر ڈاکٹرز کالونی تعمیر کا کام شروع کیا گیا ہے ان ترقیاتی کاموں کے منصوبوں کے ورک آرڈر جاری کئے گئے ہیں تاہم ابھی تک ڈپٹی ڈی جی ڈائریکٹر فنانس ڈائریکٹر ایڈمن کی تقرری ہونا باقی ہے پراجیکٹ ڈائریکٹر نے بتایا کہ پاکستان 06 دسمبر 2023 کو بحری جہازوں کی محفوظ اور ماحولیاتی طور پر درست ری سائیکلنگ کے لیے ہانگ کانگ کے بین الاقوامی کنونشن کی توثیق کرنے والا 23 واں ملک کا اعزاز حاصل کر چکا ہے۔

بقیہ 11

کمشنر (جنرل) علی نواز جمالی اور متعلقہ افسران سمیت تاجر برادری کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران اشیائے ضروریہ کی سرکاری نرخ نامے کے مطابق فروخت، قیمتوں میں استحکام، اشیاء کے معیار کی بہتری اور عوام کو مناسب نرخوں پر معیاری اشیائے خورونوش کی فراہمی یقینی بنانے کے حوالے سے اہم امور زیر بحث آئے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ عوام کو مقررہ نرخوں پر اشیائے ضروریہ کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ مارکیٹوں میں باقاعدگی سے چیکنگ کا عمل جاری رکھا جائے اور ناجائز منافع خوری، ذخیرہ اندوزی، کم تولنے اور ملاوٹ جیسے عوام دشمن اقدامات کے خلاف قانون کے مطابق مؤثر کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے تاجر برادری پر بھی زور دیا کہ وہ سرکاری نرخ نامے پر مکمل عملدرآمد یقینی بنائیں، اشیائے ضروریہ کی مصنوعی قلت پیدا کرنے، غیر ضروری قیمتیں بڑھانے اور عوام کو غیر معیاری اشیاء کی فراہمی سے گریز کریں۔ اجلاس میں شہر کے مختلف بازاروں میں قائم تجاوزات اور ٹریفک کی روانی میں حائل رکاوٹوں کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ تاجر برادری اور ضلعی انتظامیہ باہمی تعاون سے بازاروں کو تجاوزات سے پاک کرنے، ٹریفک کی روانی بہتر بنانے اور پیدل چلنے والے شہریوں کے لیے راستے کشادہ رکھنے کے لیے مربوط اقدامات کریں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ منظم، صاف ستھرا اور ٹریفک کے بہتر نظام والا بازار نہ صرف شہریوں کے لیے سہولت کا باعث بنتا ہے بلکہ تاجر برادری کے کاروبار کے لیے بھی سازگار ماحول فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بازار کے مسائل کے حل کے لیے تاجروں، انتظامیہ اور دیگر متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ ضروری ہے تاجر یونین کے نمائندگان نے ضلعی انتظامیہ کو یقین دہانی کرائی کہ وہ سرکاری نرخ نامے پر عملدرآمد، بازاروں کی بہتری، تجاوزات کے خاتمے اور ٹریفک کی روانی بہتر بنانے کے لیے انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کریں گے۔ ڈپٹی کمشنر نے اجلاس کے اختتام پر کہا کہ انتظامیہ اور تاجر برادری مل کر عوام کو بہتر سہولیات، مناسب قیمتوں پر معیاری اشیاء اور منظم کاروباری ماحول فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات جاری رکھیں گے

بقیہ 12

میرٹ پر منتخب ہونے پر انہیں مبارکباد پیش کی ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر BEEF خالد ماندائی نے کہا کہ بلوچستان کی باصلاحیت بیٹیوں میں آگے بڑھنے کا عزم، محنت اور صلاحیت قابل تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ عزم، مستقل مزاجی اور محنت کے ساتھ تعلیمی سفر جاری رکھنے والی ہماری بیٹیاں کسی بھی میدان میں اپنی قابلیت منوا سکتی ہیں۔ BEEF کی جانب سے میرٹ پر منتخب طالبات کو تعلیمی معاونت فراہم کرنے کا مقصد انہیں اپنی صلاحیتوں کو نکھارنے اور اعلیٰ تعلیم کے حصول میں مزید پیش رفت کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی بیٹیاں ہمارے صوبے کا قیمتی اثاثہ ہیں اور ان کی تعلیم پر سرمایہ کاری ایک بہتر تعلیم یافتہ اور ترقی یافتہ معاشرے کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ BEEF مختلف اسکالرشپ پروگرامز کے ذریعے ایسے باصلاحیت اور مستحق نوجوانوں کی حوصلہ افزائی اور معاونت کر رہا ہے جو اپنی قابلیت اور محنت کی بنیاد پر آگے بڑھنے کا عزم رکھتے ہیں۔ ایف جی ڈگری گرلز کالج کوئٹہ کینٹ کی بی ایس انگلش لٹریچر پروگرام کی 17 طالبات BEEF پارشیلی فنڈڈ اسکالرشپ پروگرام کے لیے میرٹ پر منتخب ہوئی ہیں۔ ان کا تعلق ضلع کوئٹہ، ضلع قلات اور ضلع پشین سے ہے اور یہ طالبات اپنے تعلیمی سفر کے مختلف مراحل میں زیر تعلیم ہیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر BEEF نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے تعلیم دوست وژن کے تحت صوبے میں تعلیم کے فروغ، میرٹ کی حوصلہ افزائی اور نوجوانوں، بالخصوص طالبات، کے لیے اعلیٰ تعلیمی مواقع کو وسعت دینے کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں۔ بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ بھی اسی وژن کے تحت مختلف اسکالرشپ پروگرامز کے ذریعے مستحق اور باصلاحیت طلباء و طالبات کو تعلیمی معاونت فراہم کر رہا ہے تاکہ مالی مشکلات ان کی تعلیمی کامیابی کی راہ میں رکاوٹ نہ بنیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایک تعلیم یافتہ بیٹی اپنے خاندان کے ساتھ ساتھ پورے معاشرے کے لیے مثبت تبدیلی کا ذریعہ بن سکتی ہے۔ بلوچستان کی طالبات میں صلاحیت، حوصلہ اور آگے بڑھنے کا جذبہ موجود ہے، اور جب انہیں میرٹ کی بنیاد پر مناسب مواقع میسر آتے ہیں تو وہ اپنی قابلیت کو نمایاں کامیابیوں میں ڈھال سکتی ہیں۔ BEEF کا مقصد بھی یہی ہے کہ باصلاحیت نوجوانوں کو ایسے مواقع فراہم کیے جائیں جہاں وہ اپنی محنت اور قابلیت کو عملی کامیابی میں تبدیل کر سکیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر BEEF نے تمام منتخب طالبات کو اپنی تعلیمی محنت، نظم و ضبط اور مستقل مزاجی برقرار رکھنے کی تلقین کرتے ہوئے کہا کہ اسکالرشپ کا حصول ان کے تعلیمی سفر میں ایک اہم پیش رفت ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ یہ طالبات مستقبل میں نہ صرف اپنے والدین اور تعلیمی ادارے کے لیے باعث فخر بنیں گی بلکہ بلوچستان اور پاکستان کی ترقی، تعلیم اور معاشرتی بہتری میں بھی مؤثر کردار ادا کریں گی۔ بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ (BEEF) کی جانب سے ایف جی ڈگری گرلز کالج، کوئٹہ کینٹ کی تمام منتخب طالبات اور ان کے والدین کو دلی مبارکباد پیش کی گئی ہے اور ان کے روشن، کامیاب اور بامقصد مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا ہے۔ بیف تعلیم کو بااختیار بنانا، بلوچستان کو تعمیر کرنا۔

بقیہ 13

سے محفوظ بنانے کے لیے جاری اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لورالائی ڈاکٹر مقبول احمد، ڈبلیو ایچ او کے ڈی ایس پی او ڈاکٹر ذرک خان، یونیسیف کے سی سی او محمد ہاشم، این-ایس او وزیر خان اور پی پی ایچ آئی کے اے ڈی ایس ایم محب اللہ نے بالمشافہ شرکت کی، جبکہ ژوب، زیارت اور موسیٰ خیل کے متعلقہ حکام نے بذریعہ زوم لنک اجلاس میں شرکت کی اجلاس کے دوران متعلقہ حکام کی جانب سے انسداد پولیو مہم کی مجموعی صورتحال، پولیو ٹیموں کی کارکردگی، بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے، رہ جانے والے بچوں کی کوریج، مائیکرو پلاننگ، فیلڈ مانیٹرنگ اور مختلف علاقوں میں درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی اس موقع پر اجلاس کے شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پانچ سال تک کی عمر کے کسی بھی بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے سے محروم نہیں رہنے دیا جائے گا اور پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے محکمہ صحت، ضلعی انتظامیہ، عالمی ادارہ صحت، یونیسیف اور دیگر متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری کو مزید مضبوط بنایا جائے گا اجلاس میں پولیو ٹیموں کی فیلڈ میں موجودگی، گھر گھر جا کر بچوں کو ویکسین پلانے کے عمل، مسنگ چلڈرن کی دوبارہ کوریج اور حساس علاقوں میں خصوصی توجہ دینے پر بھی زور دیا گیا۔ حکام نے اس بات پر اتفاق کیا کہ پولیو کے خاتمے کے لیے ہر بچے تک رسائی، مؤثر نگرانی اور والدین میں آگاہی بنیادی اہمیت رکھتی ہے ایڈیشنل کمشنر اعجاز احمد نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ انسداد پولیو سرگرمیوں کی مؤثر نگرانی کو یقینی بنایا جائے، فیلڈ میں موجود ٹیموں کو درپیش مسائل فوری طور پر حل کیے جائیں اور پولیو مہم کے مقررہ اہداف کے حصول کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں انہوں نے کہا کہ پولیو کے خلاف جنگ ایک مشترکہ قومی ذمہ داری ہے اور ضلعی انتظامیہ، محکمہ صحت، والدین، علماء کرام، قبائلی عمائدین اور معاشرے کے تمام طبقات کے تعاون سے ہی اس موذی مرض کا مکمل خاتمہ ممکن ہے۔ والدین سے بھی اپیل کی گئی کہ وہ اپنے پانچ سال تک کی عمر کے تمام بچوں کو ہر پولیو مہم کے دوران حفاظتی قطرے ضرور پلوائیں تاکہ بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے محفوظ رکھا جا سکے اجلاس میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ پولیو کے خاتمے کے لیے جاری مہمات کو محض ایک سرکاری سرگرمی کے بجائے بچوں کے محفوظ اور صحت مند مستقبل کی مشترکہ جدوجہد کے طور پر آگے بڑھایا جائے۔

بقیہ 14

ہاؤسنگ سکیم کے سرکاری طور پر الاٹ شدہ اراضی پر مبینہ قبضہ کی کوشش کسی صورت قابل قبول نہیں اور اس معاملے میں ضلعی انتظامیہ کو قانون کی بالادستی یقینی بناتے ہوئے ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ 1992ء میں بلوچستان حکومت کے احکامات کی روشنی میں بورڈ آف ریونیو کی جانب سے بلوچستان کے مختلف اضلاع میں سرکاری ملازمین کے لیے کلرکس ہاؤسنگ سکیم کے قیام کی غرض سے اراضی الاٹ کی گئی تھی۔ اسی سلسلے میں ضلع خضدار کے نام پر بھی کلرکس ہاؤسنگ سکیم کے لیے شہر سے باہر 60 ایکڑ اراضی باقاعدہ طور پر الاٹ کی گئی، جبکہ 1994ء میں مذکورہ اراضی کی کتونی بھی جاری کی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ 2000ء سے 2002ء کے دوران مجموعی طور پر تقریباً 600 ملازمین کو باقاعدہ قرعہ اندازی کے ذریعے مذکورہ کلرکس ہاؤسنگ سکیم میں پلاٹس الاٹ کیے گئے۔ اس وقت امن و امان کی خراب صورتحال کے باعث ملازمین اپنے پلاٹس پر تعمیرات شروع نہ کر سکے۔ تاہم 2014ء میں ملازمین نے اپنی الاٹ شدہ اراضی پر تعمیراتی کام کا آغاز کیا۔ اس دوران کلرکس ہاؤسنگ سکیم میں ایم پی اے فنڈ کے ذریعے تقریباً چار کلومیٹر سڑک سمیت دیگر ترقیاتی کام بھی مکمل کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ مذکورہ کلرکس کالونی موضع تیغ میں واقع ہے تاہم ایک گروپ کی جانب سے مبینہ طور پر اس اراضی کو موضع سنی ظاہر کر کے اس پر قبضہ کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ اس معاملے پر ڈپٹی کمشنر خضدار کی جانب سے کارروائی عمل میں لائی گئی جبکہ کمشنر خضدار کے حکم پر باقاعدہ کمیٹی تشکیل دے کر کلرکس ہاؤسنگ سکیم کی حد بندی اور حد براری کرائی گئی جس کے بعد مذکورہ اراضی کو موضع تیغ کا حصہ قرار دیتے ہوئے کلرکس کے حق میں فیصلہ دیا گیا۔ ایپکا رہنماؤں نے کہا کہ تمام قانونی دستاویزات، سابقہ سرکاری احکامات، الاٹمنٹ، کتونی، قرعہ اندازی کے ذریعے پلاٹس کی تقسیم اور موقع پر ہونے والے ترقیاتی و تعمیراتی کام اس بات کی واضح دلیل ہیں کہ مذکورہ اراضی پر کلرکس ہاؤسنگ سکیم قائم ہے۔ اس کے باوجود ایک مرتبہ پھر ملازمین کی جانب سے اپنے الاٹ شدہ پلاٹس پر تعمیراتی کام شروع کرنے کے بعد مبینہ قبضہ مافیا کی طرف سے غیر قانونی طور پر کالونی پر قبضہ کرنے کی کوشش انتہائی تشویشناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر خضدار کی جانب سے بروقت کارروائی کرتے ہوئے کلرکس برادری کا ساتھ دینا قابل تحسین ہے تاہم اس کے باوجود قبضہ مافیا کی جانب سے مختلف حربوں کے ذریعے اپنے مذموم عزائم کی تکمیل کی کوششیں جاری ہیں جو نہ صرف قابل مذمت بلکہ ناقابل برداشت ہیں۔ ایپکا کے صوبائی عہدیداران نے کمشنر خضدار، ڈپٹی کمشنر خضدار اور دیگر متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ کلرکس کالونی کی اراضی پر مبینہ غیر قانونی قبضہ کی کوشش، ملازمین کو دھمکانے اور ان پر حملوں کا فوری نوٹس لیا جائے اور ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ایپکا بلوچستان نے خبردار کیا کہ اگر خضدار کلرکس ہاؤسنگ سکیم کے معاملے میں مبینہ قبضہ مافیا کی سرگرمیوں کا مستقل سدباب نہ کیا گیا اور ملازمین کے جان و مال اور ان کے قانونی حقوق کا تحفظ یقینی نہ بنایا گیا تو ایپکا بلوچستان اس معاملے کو صوبائی سطح پر اٹھانے پر مجبور ہوگی اور بلوچستان کے تمام اضلاع میں احتجاج کا دائرہ وسیع کیا جائے گا، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ عناصر پر عائد ہوگی۔

بقیہ 15

کر سکتی ہے تو عوام کو درپیش دیگر سنگین اور دیرینہ مسائل کے حل کے لیے بھی اسی سنجیدگی، رفتار اور ترجیح کا مظاہرہ کیوں نہیں کیا جاتا؟ شیخ احمد میروانی نے کہا کہ سوراب کے عوام طویل عرصے سے بجلی کی غیر یقینی صورتحال، سڑکوں کی خستہ حالی، پانی کی قلت، بے روزگاری، بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی اور دیگر عوامی مسائل کا سامنا کر رہے ہیں، مگر ان مسائل کے حل کے حوالے سے وہی فوری اقدامات دکھائی نہیں دیتے جو کاروباری سرگرمیوں کے خلاف کارروائی کے دوران نظر آتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قانون کی پاسداری ہر شہری اور کاروباری فرد کی ذمہ داری ہے، تاہم کسی بھی کاروباری ادارے کے خلاف کارروائی کرتے وقت شفاف قانونی طریقہ کار اختیار کرنا ضروری ہے۔ کاروباری طبقہ نہ صرف مقامی معیشت میں اہم کردار ادا کرتا ہے بلکہ سینکڑوں خاندانوں کے روزگار کا ذریعہ بھی ہے، اس لیے کارروائی کرتے وقت مقامی روزگار اور عوامی مشکلات کو بھی مدنظر رکھا جانا چاہیے۔

بقیہ 16

وہ مسلم لیگ (ن) کے ووٹوں سے نہیں بلکہ اپنے ذاتی ووٹوں سے منتخب ہو کر آئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسوقت گورنر بلوچستان مسلم لیگ (ن) کا ہے لیکن گورنر ہاؤس کے دروازے بھی کارکنوں کیلئے بند کر دیئے گئے ہیں اور من پسند افراد کو گورنر ہاؤس چھوڑا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے مرکزی قائدین بھی یہ نہیں چاہتے ہیں کہ بلوچستان میں مسلم لیگ (ن) فعال اور منظم ہوں بلوچستان کے معاملات دیکھنے کیلئے جن کو وفاقی سطح پر مقرر کیا گیا ہے وہ صوبے کے دورے کے دوران اپنے گفٹ وصول کر کے واپس چلے جاتے ہیں انہیں پارٹی سے کوئی سروکار نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے رکن قومی اسمبلی و جنرل سیکرٹری جمال شاہ کاکڑ نے مشکل وقت میں مسلم لیگ (ن) کو صوبے میں سنبھالا آج پارٹی کو توڑنے والے وفاقی وزیر بنے بیٹھے ہیں جبکہ جمال شاہ کاکڑ جیسے سینئر رہنما کو وزارت سے محروم کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ کی عرصے سے

بقیہ 17

ملک پلانٹ، جناح ٹاؤن، جی او آر کالونی، مالک، بروری روڈ، عالم خان، نواں کلی بائی پاس، صاحبزادہ فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بند رہے گی اسی روز مری آباد گرڈ اسٹیشن کے 11kv مری آباد، طوغی روڈ، کاسی ون، کاسی ٹو فیڈر جبکہ سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11kv سریاب ون، سریاب ٹو، ہزارہ ٹاؤن، کرانی، غازی، واسا، اولڈ سٹلائٹ ٹاؤن، اے ون سٹی، جڑ سار، اولڈ لیاقت بازار، جائنٹ روڈ، خیر بخش مری فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی بند رہے گی۔ اسکے علاوہ 17 ستمبر کو روز انڈسٹریل گرڈ اسٹیشن کے اولڈ اور نیو پشتون آباد، ایسٹرن بائی پاس، ایف جی ایس، شموزئی، شیخ زید اسپتال فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی۔ اس کے علاوہ مختلف گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنوں پر ضروری مرمت کے کام کئے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں 18 ستمبر کو (بروز جمعہ) 66kv سورینج گرڈ اسٹیشن سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ تاہم کیسکو نے بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

بقیہ 18

مبینہ بے ضابطگیوں اور کرپشن کی شکایات بھی سامنے آ رہی ہیں جس کے باعث عوام کا سرکاری اداروں پر اعتماد متاثر ہو رہا ہے۔ عبدالرحمن شیرانی نے مزید کہا کہ ضلع شیرانی کا سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ یہاں کا اپنا اسمبلی نمائندہ موجود نہیں جبکہ موجودہ اسمبلی نمائندہ عوامی مسائل کے بجائے ذاتی مفادات، کرپشن اور کمیشن کو ترجیح دینے کے الزامات عائد کئے جا رہے ہیں اور غیر فعال ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع شیرانی کے عوام کو ایسا نمائندہ چاہیے جو حقیقی معنوں میں ان کے مسائل کی آواز بنے اور علاقے کی ترقی، صحت، بجلی، سڑکوں، مواصلات اور دیگر بنیادی سہولیات کے لئے عملی اقدامات کریں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ اعلیٰ حکام ضلع شیرانی کے تمام بنیادی مسائل کا فوری نوٹس لیں سرکاری اداروں میں حاضری اور کارکردگی یقینی بنائیں مبینہ کرپشن کی شفاف تحقیقات کرائیں اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لئے عملی اقدامات کئے جائیں۔

بقیہ 19

افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ پولیو ورکرز قومی ذمہ داری سمجھتے ہوئے مہم کو کامیاب بنانے میں اپنا مثبت اور مؤثر کردار ادا کریں اور ضلع بھر میں مقررہ ہدف کے مطابق ہر بچے تک رسائی یقینی بنائی جائے، جبکہ جن محکموں کے افسران کو مہم کی مانیٹرنگ کی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں وہ اپنی ذمہ داریاں بہتر انداز میں انجام دیتے ہوئے فیلڈ میں پولیو ٹیموں کی کارکردگی کی مؤثر نگرانی کریں تاکہ کوئی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے۔

بقیہ 20

سے متعلق امور پر بریفنگ بھی لی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر فضل الرحمن کبدانی نے کہا کہ بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) کے تحت مکمل کیے جانے والے ترقیاتی منصوبوں کا بنیادی مقصد دور دراز اور پسماندہ علاقوں کے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، معیار زندگی میں بہتری اور عوامی مسائل کا عملی و مؤثر ازالہ ہے انہوں نے کہا کہ صاف پینے کا پانی عوام کی بنیادی ضرورت ہے، اس لیے واٹر سپلائی اسکیموں کی تکمیل کے ساتھ ساتھ ان کی پائیداری، مؤثر نگرانی اور بروقت دیکھ بھال بھی انتہائی ضروری ہے ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ واٹر سپلائی اسکیم کی باقاعدہ نگرانی، مناسب دیکھ بھال اور فعال آپریشن کو یقینی بنایا جائے تاکہ فیض آباد جنگل کی مقامی آبادی کو صاف اور محفوظ پینے کے پانی کی سہولت مستقل بنیادوں پر میسر رہے انہوں نے مزید ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں میں تعمیراتی معیار اور عوامی مفاد کو ہر صورت مقدم رکھا جائے اور مکمل شدہ منصوبوں کی ثمرات حقیقی معنوں میں عوام تک پہنچانے کے لیے مؤثر اقدامات جاری رکھے جائیں۔

بقیہ 21

سے بجلی کے کھمبوں سے قیمتی تاریں کاٹ کر لے جانے کے واقعات کے باعث تحصیل گدر کے مختلف علاقوں میں بجلی کی فراہمی کا نظام بری طرح متاثر ہو رہا ہے، مقامی لوگوں کے مطابق نامعلوم افراد نے متعدد مقامات پر بجلی کے کھمبوں سے قیمتی تاریں کاٹ کر چوری کیں، جس کے نتیجے میں دیہی علاقوں میں بجلی کی ترسیل کا نظام متاثر ہوا اور شہری طویل عرصے سے بجلی جیسی بنیادی سہولت سے محرومی کا سامنا کر رہے ہیں، تاروں کی چوری کے باعث واپڈا کو لاکھوں روپے مالیت کے قیمتی سامان کے نقصان کا سامنا ہے، جبکہ دوسری جانب اس کا براہ راست خمیازہ عام شہریوں کو بھگتنا پڑ رہا ہے جبکہ تحصیل گدر کے مختلف علاقوں میں بجلی کی بندش معمول بنتی جا رہی ہے اور تقریباً ستر فیصد آبادی بجلی کی سہولت سے متاثر ہو چکی ہے، بجلی کی عدم دستیابی کے باعث گھریلو صارفین سمیت دیگر شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ افراد شدید مشکلات سے دوچار ہیں، بجلی کے قیمتی تار بار بار کاٹے جانے کے باوجود تاحال کسی چور یا ملزم کی گرفتاری عمل میں نہیں آسکی، جس سے شہریوں میں یہ سوالات جنم لے رہے ہیں کہ آخر مسلسل ہونے والی ان وارداتوں کے ذمہ دار عناصر قانون کی گرفت سے باہر کیوں ہیں؟ اگر بجلی کے کھمبوں سے قیمتی تاریں کھلے عام کاٹی اور لے جائی جا رہی ہیں تو متعلقہ اداروں کی نگرانی اور سیکیورٹی کا نظام کہاں ہے؟ گدر کے شہریوں نے کہا ہے کہ ایک طرف بدامنی کے واقعات میں اضافہ ہو رہا ہے اور دوسری جانب بجلی کے نظام کو نشانہ بنا کر عوام کو بنیادی سہولت سے محروم کیا جا رہا ہے، یہ صورتحال محض بجلی کی بندش کا مسئلہ نہیں بلکہ عوامی مشکلات میں مسلسل اضافے اور انتظامی نگرانی پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے، اہلیان گدر نے ضلعی انتظامیہ، پولیس اور واپڈا کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ بجلی کے تار چوری کرنے والے عناصر کے خلاف فوری کارروائی کی جائے، گزشتہ وارداتوں کی مکمل تحقیقات کر کے ذمہ داروں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور چوری شدہ بجلی کے نظام کی فوری بحالی کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 22

ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ اس اقدام کے تحت موٹر سائیکل، رکشہ، چنگچی اور چھوٹی گاڑیوں کے مالکان سستے پیٹرول کی سہولت سے مستفید ہو سکیں گے۔ ضلعی انتظامیہ قلات کی جانب سے رجسٹرڈ پیٹرول پمپ مالکان کو وزیراعظم پاکستان کے احکامات پر فوری عمل درآمد یقینی بنانے کی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ سستے پیٹرول کے حصول کے لیے رجسٹریشن کا طریقہ کار درج بالا اشتہار میں فراہم کیا گیا ہے۔ عوام کی سہولت اور رہنمائی کے لیے ڈپٹی کمشنر قلات کے دفتر میں خصوصی ڈیسک بھی قائم کیا جا رہا ہے، جہاں شہریوں کو سستا پیٹرول حاصل کرنے کے لیے رجسٹریشن کے مکمل طریقہ کار سے آگاہ کیا جائے گا۔ مزید رہنمائی کے لیے رجسٹریشن سے متعلق ویڈیو بھی جاری کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان کا یہ احسن اقدام غریب عوام کے لیے ایک اہم ریلیف ہے۔ اس سے عوام کو سفری اخراجات میں کمی لانے میں مدد ملے گی۔ شہری رجسٹریشن کا عمل مکمل کر کے سستے پیٹرول کی سہولت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

بقیہ 23

مسائل ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں کے اعلیٰ حکام تک پہنچانے کے لیے ایک اہم عوامی کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا کھلی کچہری میں 87 ونگ کے کمانڈنگ آفیسر کرنل شاہد بلال، ایس ڈی پی او منصور احمد بزدار، چیئرمین میونسپل کمیٹی ڈی ملک کلیم اللہ خان ترین، ڈی ایچ او ڈاکٹر بہادر خان لونی، ایم ایس ڈاکٹر جوہر خان شادوزئی سمیت مختلف سرکاری محکموں کے افسران، متعلقہ حکام، عمائدین علاقہ اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی کھلی کچہری کے دوران شہریوں نے پانی، بجلی، تعلیم، صحت، صفائی ستھرائی، بلدیاتی سہولیات اور دیگر بنیادی عوامی مسائل کے علاوہ بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں سے متعلق اپنے مسائل اور شکایات براہ راست ڈپٹی کمشنر اور متعلقہ حکام کے سامنے پیش کیں ڈپٹی کمشنر فضل الرحمن کبدانی نے کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری افسران عوام پر حکم چلانے کے لیے نہیں بلکہ عوام کے خادم کی حیثیت سے اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے کے پابند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت، دیانت داری، بروقت فیصلہ سازی اور مسائل کا فوری ازالہ ضلعی انتظامیہ اور تمام سرکاری محکموں کی اولین ذمہ داری ہے انہوں نے کہا کہ سرکاری فنڈز عوام کی امانت ہیں اور ان کا ہر ممکن حد تک شفاف اور درست استعمال عوامی فلاح و بہبود اور بنیادی سہولیات کی فراہمی پر یقینی بنایا جائے۔ ترقیاتی منصوبوں کا اصل مقصد عوام کو سہولت پہنچانا اور ان کے معیار زندگی میں بہتری لانا ہے، لہٰذا تمام متعلقہ محکمے اس امر کو یقینی بنائیں کہ سرکاری وسائل حقیقی معنوں میں عوام کی بہتری اور فلاح کے لیے استعمال ہوں ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ BSDI کے تحت ضلع ژوب میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے تاکہ ان منصوبوں کے ثمرات جلد از جلد عام شہریوں تک پہنچ سکیں۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ترقیاتی اسکیموں میں معیار، شفافیت اور رفتار کو ہر صورت مقدم رکھا جائے اور کسی بھی قسم کی غفلت یا غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے پانی، صحت، تعلیم اور دیگر بنیادی سہولیات سے متعلق عوامی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے دائرہ اختیار میں مسائل کے حل کے لیے فوری، عملی اور مؤثر اقدامات کریں اور عوام کو سرکاری دفاتر کے غیر ضروری چکروں سے بچایا جائے کھلی کچہری کا مقصد عوام اور انتظامیہ کے درمیان فاصلے ختم کرنا ہے ڈپٹی کمشنر فضل الرحمن کبدانی نے کہا کہ کھلی کچہریوں کے انعقاد کا بنیادی مقصد عوام اور انتظامیہ کے درمیان براہ راست رابطے کو مضبوط بنانا اور شہریوں کے مسائل کو بروقت متعلقہ فورم تک پہنچانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی مسائل کے حل کے لیے اپنے دروازے کھلے رکھے گی اور شہریوں کی جائز شکایات کے ازالے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ انہوں نے افسران پر زور دیا کہ وہ فیلڈ میں اپنی موجودگی کو یقینی بنائیں، عوام سے رابطے میں رہیں اور مسائل پیدا ہونے کے بعد کارروائی کرنے کے بجائے بروقت نگرانی اور مؤثر منصوبہ بندی کے ذریعے ان کے حل کے لیے پیشگی اقدامات کریں اس موقع پر شہریوں نے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے عوامی مسائل براہ راست ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ حکام کے سامنے رکھے۔ متعلقہ افسران نے مسائل کا جائزہ لیا اور متعدد شکایات کے حل کے لیے ضروری ہدایات اور اقدامات سے آگاہ کیا گیا، جبکہ دیگر مسائل کو متعلقہ محکموں کے ذریعے ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کرائی گئی عوامی حلقوں نے کھلی کچہری کے انعقاد کو ضلعی انتظامیہ کا ایک مثبت اور عوام دوست اقدام قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایسے براہ راست عوامی رابطہ پروگرام شہریوں کو اپنے مسائل اعلیٰ حکام تک پہنچانے کا مؤثر موقع فراہم کرتے ہیں اور انتظامیہ کی کارکردگی میں مزید بہتری کا ذریعہ بنتے ہیں۔ کھلی کچہری کا اختتام اس عزم کے ساتھ ہوا کہ عوامی مسائل کے حل، بنیادی سہولیات کی فراہمی، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور سرکاری اداروں کی عوامی خدمت کے عمل کو مزید مؤثر اور فعال بنایا جائے گا۔

بقیہ 24

بلوچستان ووشو چیمپئن شپ 2026 کی اختتامی تقریب میں بطور چیف گیسٹ خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ کھیل کے میدان نوجوانوں میں خود اعتمادی، نظم و ضبط، برداشت اور قیادت کی صلاحیتیں پیدا کرنے کا بہترین ذریعہ ہیں۔ بلوچستان کے نوجوانوں نے مختلف کھیلوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے اور وہ قومی و بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا نام روشن کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری بیٹیاں کھیل کے میدان میں کامیابیاں حاصل کر کے بلوچستان کی ایک مثبت اور روشن تصویر دنیا کے سامنے پیش کر رہی ہیں۔ ان کی حوصلہ افزائی اور سرپرستی ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ محکمہ ترقی نسواں خواتین اور بچیوں کی فلاح و بہبود، ان کے حقوق کے تحفظ، تعلیم، صحت، خود اعتمادی اور معاشرے میں باوقار و فعال کردار کے لیے مؤثر اقدامات کر رہا ہے۔ خواتین اور بچیوں کو کھیلوں سمیت مختلف شعبوں میں آگے بڑھنے کے یکساں مواقع فراہم کرنا صوبائی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ ترقی نسواں کا مقصد خواتین اور بچیوں کو ایسا سازگار ماحول فراہم کرنا ہے جہاں وہ اپنی صلاحیتوں کو بھرپور انداز میں بروئے کار لا سکیں۔ کھیلوں کی سرگرمیاں بچیوں میں خود اعتمادی، جسمانی صحت، نظم و ضبط اور قیادت کی صلاحیتیں پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں، اس لیے خواتین کے لیے کھیلوں کے مواقع میں مزید اضافہ ضروری ہے۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ جب بلوچستان کا نوجوان کھیل کے میدان میں کامیابی حاصل کرتا ہے تو اس کامیابی کی خوشی پورے پاکستان کی خوشی ہوتی ہے، کیونکہ ہمارے نوجوان ہی ملک کا روشن مستقبل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ووشو سمیت دیگر کھیلوں میں بلوچستان کی بچیوں کی بڑھتی ہوئی شرکت ایک مثبت اور حوصلہ افزا رجحان ہے۔ ہماری بیٹیاں اپنی محنت، عزم اور صلاحیت کے ذریعے یہ ثابت کر رہی ہیں کہ انہیں اگر مناسب مواقع، تربیت اور سہولیات فراہم کی جائیں تو وہ نہ صرف بلوچستان بلکہ پاکستان کا نام بھی روشن کر سکتی ہیں۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ بلوچستان کی بچیاں تعلیم، کھیل، ہنر اور دیگر شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کا بھرپور اظہار کر رہی ہیں۔ حکومت خواتین اور بچیوں کی سرپرستی اور ان کے لیے مواقع پیدا کرنے کے لیے متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر اقدامات جاری رکھے گی تاکہ بلوچستان کی بیٹیاں نہ صرف صوبے بلکہ پاکستان کا نام قومی و بین الاقوامی سطح پر روشن کر سکیں۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ کھیل صرف جسمانی صحت اور فٹنس کا ذریعہ نہیں بلکہ نوجوان نسل میں مثبت سوچ، خود اعتمادی، برداشت، نظم و ضبط اور آگے بڑھنے کا جذبہ بھی پیدا کرتے ہیں۔ خصوصاً لڑکیوں کے لیے کھیلوں کے میدان انہیں اپنی صلاحیتوں کے اظہار، اعتماد میں اضافے اور معاشرے میں فعال کردار ادا کرنے کے بہتر مواقع فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں کھیلوں کے فروغ کے ساتھ ساتھ بچیوں اور نوجوان خواتین کے لیے مزید مواقع پیدا کرنے کی ضرورت ہے تاکہ وہ اپنی توانائیاں مثبت اور تعمیری سرگرمیوں میں صرف کریں۔ ووشو جیسے کھیل نہ صرف جسمانی صحت اور فٹنس کو بہتر بناتے ہیں بلکہ نوجوانوں میں حوصلہ، عزم، نظم و ضبط اور مثبت طرز فکر کو بھی فروغ دیتے ہیں۔ صوبائی مشیر نے کہا کہ حکومت اور متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے کہ کھیلوں کے میدانوں کو مزید آباد کیا جائے، نوجوان کھلاڑیوں بالخصوص ہماری بیٹیوں کی حوصلہ افزائی کی جائے اور انہیں صوبائی، قومی اور بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتیں منوانے کے ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے۔ صحت مند، باصلاحیت اور پر اعتماد نوجوان ہی ایک مضبوط، پرامن اور ترقی یافتہ بلوچستان کی بنیاد بن سکتے ہیں۔ اس موقع پر بطور چیف گیسٹ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی کا شاندار اور پرتپاک استقبال کیا گیا۔ انہوں نے ووشو کھلاڑیوں کی جانب سے پیش کیے گئے شاندار فنون اور کھیل کے مظاہرے دیکھے جبکہ نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی کھلاڑیوں میں گولڈ میڈلز بھی تقسیم کیے۔ صوبائی مشیر نے چیمپئن شپ کے کامیاب انعقاد پر منتظمین، کوچز، کھلاڑیوں اور والدین کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ کھیل کے میدان آباد ہوں گے تو بلوچستان کے نوجوانوں کے مستقبل روشن ہوں گے۔

بقیہ 25

کی جانب سے آوارہ کتوں کے خلاف خصوصی مہم جاری ہے حالیہ دنوں میں آوارہ کتوں کے کاٹنے سے زخمی ہونے والے کئی بچوں کو نیو ڈی ایچ کیو ہسپتال چمن منتقل کیا گیا، جہاں انہیں ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد کتے کے کاٹنے سے بچاؤ کی ویکسین/انجکشن کا سلسلہ بھی شروع کر دیا گیا ہے میونسپل کارپوریشن چمن کے میئر اور ڈپٹی میئر کی نگرانی میں آوارہ کتوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے شہر کے مختلف علاقوں سے خطرناک اور آوارہ کتوں کو تلف کر کے شہر سے باہر مناسب جگہ پر ٹھکانے لگایا جا رہا ہے، تاکہ شہریوں بالخصوص بچوں کو ان کے حملوں سے محفوظ رکھا جا سکے۔ میئر اور ڈپٹی میئر میونسپل کارپوریشن چمن نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ آوارہ کتوں کی موجودگی کی اطلاع میونسپل کارپوریشن کو دیں اور اس مہم میں عملے کے ساتھ تعاون کریں۔ انہوں نے کہا کہ چمن شہر کو آوارہ کتوں سے پاک اور شہریوں کے لیے محفوظ بنانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ میونسپل کارپوریشن کی جانب سے شہریوں کے تحفظ اور شہر میں صفائی و صحت کے بہتر ماحول کے قیام کے لیے آوارہ کتوں کے خلاف کارروائیاں آئندہ بھی جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 26

پولیس اُستا محمد نے فوری اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے سول ہسپتال اُستا محمد سے مبینہ طور پر اغواء ہونے والے نومولود بچے کو چند ہی گھنٹوں میں بحفاظت بازیاب کرا لیا۔ پولیس نے بازیاب بچے کو والدین کے حوالے کر دیا جس پر اہل خانہ نے پولیس کی بروقت کارروائی پر اطمینان اور تشکر کا اظہار کیا۔ تفصیلات کے مطابق سول ہسپتال اُستا محمد سے نومولود بچے کے مبینہ اغواء کی اطلاع پولیس کو موصول ہوتے ہی ایس پی اُستا محمد حافظ معاذ الرحمن نے واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ پولیس افسران کو بچے کی بحفاظت بازیابی اور واقعے میں ملوث عناصر کے خلاف فوری کارروائی کی ہدایات جاری کیں ڈی ایس پی سرکل اُستا محمد محمد داؤد کھوسہ کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ سٹی اُستا محمد ندیم احمد بہرانی اور انچارج اینٹی نارکوٹکس اُستا محمد محمد اسلم رند نے پولیس ٹیم کے ہمراہ فوری طور پر کارروائی کا آغاز کیا۔ پولیس ٹیم نے مختلف پہلوؤں سے تحقیقات کرتے ہوئے دستیاب معلومات اور شواہد کی بنیاد پر نومولود بچے کی تلاش کا عمل تیز کر دیا۔ پولیس کی مسلسل اور بروقت کوششوں کے نتیجے میں چند ہی گھنٹوں کے اندر نومولود بچے کو بحفاظت بازیاب کرا لیا گیا۔ بچے کو ضروری کارروائی کے بعد والدین کے حوالے کر دیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں جبکہ مبینہ طور پر واقعے میں ملوث افراد کی شناخت، گرفتاری اور دیگر قانونی پہلوؤں کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ شواہد کی روشنی میں قانون کے مطابق مزید کارروائی عمل میں لائی جائے گی اس موقع پر ایس پی اُستا محمد حافظ معاذ الرحمن نے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ذمہ داری ہے انہوں نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز اور قانون کے مطابق کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی اور کسی بھی شہری کو درپیش مسئلے پر پولیس فوری ردعمل کو یقینی بنائے گی انہوں نے پولیس ٹیم کی بروقت کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ نومولود بچے کی بحفاظت بازیابی پولیس کی پیشہ ورانہ ذمہ داری، فوری رسپانس اور مؤثر تفتیش کا نتیجہ ہے۔

بقیہ 27

کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہی کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے گڈانی شپ بریکنگ یارڈ میں کام کرنے والے محنت کشوں کی پیشہ ورانہ حفاظت اور صحت سے متعلق کام کرنے کے طریقہ کار نا کارہ بحری جہازوں کے ویسٹ روم اور آئل اسٹوریج ٹینک کی انوائرمنٹلی اور شپ ریسائیکلنگ پلان سے متعلق شپ بریکرز سے بریفنگ حاصل کی پاکستان شپ بریکرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین رفیق سلام سینئر ایگزیکٹو کمیٹی ممبر عبدالغنی آصف خان نے کمشنر کو بتایا کہ جدید مشینری کے استعمال کی بدولت جہاز کی کٹائی کے دوران حادثات کی شرح نہ ہونے کے برابر ہے ماضی میں ناکارہ بحری جہازوں کی ری سائیکلنگ کے دوران کارکن غیر محفوظ کام کے حالات سے دوچار ہوتے رہے ہیں اب انڈسٹری میں کام کرنے والے لیبرز ہیلتھ اینڈ سیفٹی ایس او پیز کے تحت کام کر رہے ہیں شپ بریکرز نے کمشنر کو دورے کے موقع پر سی ایس آر کے تحت ایجوکیشن ہیلتھ سیکٹر میں فلاحی سرگرمیوں اور کمیونٹی ویلفیئر سے متعلق آگاہ کیا کمشنر کو بتایا گیا کہ ایرانی اسکریپ کی اسمگلنگ کی وجہ سے پاکستان کی شپ بریکنگ انڈسٹری کو ہونے والے نقصانات سے آگاہ کیا کمشنر کو بتایا گیا کہ دیگر صوبوں میں صنعت کاروں کو ٹیکس ہالیڈے کی سہولیات میسر ہیں جبکہ ملکی صنعت خاص طور پر بلوچستان میں سرمایہ لگانے والے صنعت کاروں کو کسی قسم کی سہولیات میسر نہیں ہیں چیئرمین ایف بی آر سے بھی میٹنگ اور ایشوز سے آگاہ کر چکے ہیں کمشنر نے یقین دہانی کرائی کہ وہ اس سلسلے میں شپ بریکرز کے ایشوز پر وفاقی وزیر تجارت جام کمال سے بات کریں گی۔ گڈانی کے صنعتکاروں نے شپ ری سائیکلنگ یارڈ کا دورہ کرنے اور اس صنعت سے منسلک اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ نئے آئیڈیاز شیئر کرنے پر کمشنر لسبیلہ ڈویژن سے خوشی کا اظہار کیا۔

بقیہ 28

آمدن ٹیکس کے اہداف کے حصول، ریکارڈ کی تکمیل اور وصولیوں میں مزید بہتری لانے کے حوالے سے امور کا جائزہ لیا گیا۔

بقیہ 29

وت سمجھ کر ایمانداری، خلوص اور فرض شناسی کے جذبے کے ساتھ انجام دیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پشین کے دورے کے دوران پولیس افسران اور جوانوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس ژوب رینج سہیل احمد، ایس ایس پی پشین کیپٹن (ر) نوید عالم سمیت دیگر پولیس افسران بھی موجود تھے۔ دورے کے موقع پر انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر کو ضلع پشین میں مجموعی سیکیورٹی صورتحال، امن و امان کے قیام، پولیس کی کارکردگی، دستیاب وسائل اور حالیہ بھرتی ہونے والے نئے پولیس جوانوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ متعلقہ افسران نے ضلع میں سیکیورٹی کے انتظامات، پولیس کی استعداد کار اور عوام کے تحفظ کے لیے کیے جانے والے اقدامات سے آئی جی پولیس کو آگاہ کیا۔ آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے پولیس افسران کو ہدایت کی کہ صوبے کی روایات اور اقدار کو مدنظر رکھتے ہوئے شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو اپنی اولین ترجیح بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد کا رشتہ امن کے قیام کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے، اس لیے پولیس افسران اور اہلکار عوام کے ساتھ خوش اخلاقی، احترام اور ذمہ داری کا مظاہرہ کریں اور ہر شہری کو بلاامتیاز تحفظ اور انصاف کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں پولیس فورس کو نہ صرف دہشت گردی اور جرائم کے خلاف مؤثر کارروائیاں جاری رکھنی ہوں گی بلکہ جدید تقاضوں کے مطابق اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں بھی اضافہ کرنا ہوگا۔ پولیس افسران اور جوان اپنی ڈیوٹی کے دوران غیر معمولی چوکس رہیں اور امن دشمن عناصر کے عزائم کو ناکام بنانے کے لیے باہمی رابطہ، حکمت عملی اور پیشہ ورانہ مہارت کو بروئے کار لائیں۔ آئی جی پولیس محمد طاہر نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان پولیس دہشت گرد عناصر کے مکمل قلع قمع، جرائم کے سدباب اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پولیس کا مقصد صرف دہشت گردی اور جرائم کا مقابلہ کرنا نہیں بلکہ عوام کے اعتماد کو مزید مضبوط بنانا بھی ہے، کیونکہ ایک مضبوط اور بااعتماد پولیس ہی معاشرے میں امن، تحفظ اور قانون کی بالادستی یقینی بنا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پولیس نے محدود وسائل اور مشکل حالات کے باوجود صوبے بھر میں امن و امان کے قیام اور عوام کے تحفظ کے لیے قابل قدر خدمات انجام دی ہیں۔ پولیس کے افسران اور جوانوں نے مختلف چیلنجز کا سامنا کرتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں نبھائی ہیں، جو قابل تحسین ہے۔ انہوں نے پولیس اہلکاروں کے حوصلے، جذبہ خدمت اور قربانیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ فورس کی پیشہ ورانہ استعداد میں مزید اضافے اور اہلکاروں کو درکار سہولیات کی فراہمی پر بھی توجہ دی جائے گی۔ آئی جی پولیس بلوچستان نے نئے بھرتی ہونے والے پولیس جوانوں پر زور دیا کہ وہ اپنی تربیت پر اپنی توجہ مرکوز کرنے کے علاوہ نظم و ضبط، قانون کی پاسداری، پیشہ ورانہ مہارت اور عوامی خدمت کو اپنی عملی زندگی کا بنیادی اصول بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ نئی نسل کے پولیس جوان مستقبل میں بلوچستان پولیس کی نمائندگی کریں گے، اس لیے ان کی تربیت میں کردار سازی، قانون سے آگاہی، جدید پولیسنگ اور عوامی خدمت کے جذبے کو خصوصی اہمیت دی جانی چاہیے۔ آئی جی پولیس محمد طاہر نے پولیس افسران و جوانوں سے کہا کہ وہ اپنے فرائض کی ادائیگی میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی کا مظاہرہ نہ کریں اور ہر مشکل صورتحال میں حوصلے، صبر اور بہادری کا مظاہرہ کریں۔ انہوں نے واضح کیا کہ پولیس فورس کی اصل طاقت عوام کا اعتماد، اہلکاروں کا نظم و ضبط اور فرض شناسی ہے۔ اس موقع پر ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس ژوب رینج سہیل احمد، ایس ایس پی پشین کیپٹن (ر) نوید عالم اور دیگر افسران نے آئی جی پولیس بلوچستان کو ضلع پشین میں امن و امان اور سیکیورٹی کے حوالے سے تفصیلی صورتحال سے آگاہ کیا اور انہیں پولیس فورس کی جانب سے عوام کے تحفظ اور امن کے قیام کے لیے جاری اقدامات سے بھی آگاہ کیا۔ دورے کے اختتام پر آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے پولیس افسران اور جوانوں پر زور دیا کہ وہ نظم و ضبط کے ساتھ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں ادا کرتے ہوئے علاقے میں امن کے قیام اور عوام کے تحفظ کے لیے اپنا بھرپور کردار جاری رکھیں۔

بقیہ 30

ل منتقل کیا، جبکہ مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 31

نہیں جب عوام حکمرانوں کو گریبانوں سے پکڑ کر روڈ پر گھسیٹیں گے اور انہیں بچانے والا کوئی نہیں ہوگا۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو بلوچستان امن جرگے کے مرکزی سیکرٹریٹ میں ملاقات کرنے والے نوجوانوں کے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ لالہ یوسف خلجی نے کہا کہ اسوقت میدان جنگ بنا ہوا ہے عوام کی جان و مال غیر محفوظ ہو چکی ہے اور سڑکوں پر دن دیہاڑے سفر کرنا دشوار ہو گیا ہے لیکن وزیر اعلیٰ، وزراء اور ارکان اسمبلی عوام کو تحفظ فراہم کرنے کی بجائے اپنے تحفظ اور لوٹ مار میں لگے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں سرکاری نوکریاں سرعام لاکھوں روپے کے عوض فروخت کی جا رہی ہیں اور پڑھے لکھے نوجوان دھکے کھانے پر مجبور ہیں جس سے ان میں مایوسی پائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان امن جرگے کا ہمیشہ سے یہ موقف رہا ہے کہ بلوچستان کا مسئلہ دہشت گردی نہیں بلکہ اصل مسئلہ معاشی ہے اگر نوجوانوں کو میرٹ پر روزگار فراہم کیا جائے تو دہشت گردی خود بخود ختم ہو جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پڑھے لکھے نوجوان نوکریاں نہ ملنے کی وجہ سے غلط راستوں کا انتخاب کر رہے ہیں جو کسی بھی طرح ملک اور صوبے کے مفاد میں نہیں ہے۔ لالہ یوسف خلجی نے کہا کہ اینٹی کرپشن، نیب اور دیگر تحقیقاتی ادارے نوکریاں فروخت کرنے والے صوبائی وزراء، سیکرٹریز اور انکے چمچوں کے خلاف فوری کارروائی عمل میں لائیں اور جو بھی نوکریاں فروخت کرنے میں ملوث ہیں انہیں سرعام سزائیں دی جائیں تاکہ دیگر افراد ان سے عبرت حاصل کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ اسوقت بلوچستان میں پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ کی مخلوط حکومت ہے اور دونوں سیاسی جماعتوں کے کارکن اور ضلعی صدور اور عہدیدار اپنے وزراء پر نوکریاں فروخت کرنے کے الزامات لگا رہے ہیں جن کی صاف اور شفاف تحقیقات ہونی چاہئیں۔

بقیہ 32

رکردگی اور سکولوں کے انتظامی امور کا جائزہ لیا گیا اس موقع پر ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن عبدالواسع خان کاکڑ نے کہا کہ تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی اور خوشحالی کی بنیادی بنیاد ہے، جبکہ بنیادی تعلیم بچے کے روشن مستقبل کی پہلی سیڑھی ہے۔ اگر بچوں کو ابتدائی سطح پر معیاری تعلیم، اچھی تربیت اور سازگار تعلیمی ماحول فراہم کیا جائے تو وہ مستقبل میں معاشرے اور ملک کی ترقی میں مؤثر کردار ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم صرف کتابیں پڑھنے کا نام نہیں بلکہ شعور، کردار، اخلاق، ذمہ داری اور بہتر مستقبل کی تعمیر کا ذریعہ ہے۔ ہر بچے اور بچی کو بلاامتیاز تعلیم حاصل کرنے کے یکساں مواقع فراہم کرنا ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے۔ عبدالواسع خان کاکڑ نے کہا کہ تعلیم ہر بچے اور بچی کا بنیادی حق ہے

بلوچستان میں پڑھے لکھے نوجوان ہاتھوں میں ڈگریاں لئے نوکریوں کیلئے دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں، بات چیت

بلوچستان کا مسئلہ دہشت گردی نہیں ہے بلکہ معاشی ہے، لالا یوسف خلجی

اگر اپنے رویے تبدیل نہ کئے تو وہ دن دور نہیں جب عوام حکمرانوں کو گریبانوں سے پکڑ کر روڈ پر گھسیٹیں گے اور انہیں بچانے والا کوئی نہیں ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالا یوسف خلجی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں پڑھے لکھے نوجوان ہاتھوں میں ڈگریاں لئے نوکریوں کیلئے دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں جبکہ وزراء اور سیکرٹریز سرعام سرکاری نوکریاں فروخت کر رہے ہیں جس سے نوجوانوں میں مایوسی پائی جاتی ہے اور وہ غلط راستوں کا انتخاب کرنے پر مجبور ہیں، وزراء اور سیکرٹریز نے اگر اپنے رویے تبدیل نہ کئے تو وہ دن دور (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

چاغی، نامعلوم شخص کی گولی لگی لاش برآمد

چاغی (آن لائن) تھانہ چاغی کی حدود میں نامعلوم شخص کی گولی لگی لاش برآمد ہوئی ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق مقتول کی جیب سے شناختی کارڈ ملا ہے، جس پر نام محمد یونس ولد محمد قاسم تحصیل منگچر ضلع قلات درج ہے۔ پولیس نے لاش کو ضروری قانونی کارروائی کے لیے اسپتا (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

عبدالواسع خان کاکڑ کا مختلف تعلیمی اداروں کا دورہ

مستقبل میں معاشرے اور ملک کی ترقی میں مؤثر کردار ادا کر سکتے ہیں

لورالائی (خ ن) ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن لورالائی ڈویژن و کوہ سلیمان ڈویژن کے اضافی چارج عبدالواسع خان کاکڑ نے دونوں ڈویژنوں کے مختلف تعلیمی اداروں کا خصوصی دورہ کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ سپرنٹنڈنٹ ملک نجیب خان کاکڑ بھی موجود تھے۔ دورے کے دوران گورنمنٹ گرلز ہائی سکول کنگری موسیٰ خیل، گورنمنٹ بوائز ہائی سکول کنگری موسیٰ خیل، گورنمنٹ گرلز ہائی سکول رگئی اور گورنمنٹ بوائز ہائی سکول رکھنی سمیت مختلف تعلیمی اداروں کا معائنہ کیا گیا۔ اس دوران طلبہ و طالبات کی حاضری، تدریسی سرگرمیوں تعلیمی ماحول، اساتذہ کی کا (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد کا رشتہ امن کے قیام کیلئے بنیادی اہمیت رکھتا ہے، آئی جی پولیس

فورس کی پیشہ ورانہ استعداد میں مزید اضافے اور اہلکاروں کو درکار سہولیات کی فراہمی پر بھی توجہ دی جائے گی

مشکل حالات کے باوجود صوبے میں امن و امان کے قیام اور عوام کے تحفظ کے لیے قابل قدر خدمات انجام دی ہیں

پشین (آن لائن) انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا ہے کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ، امن و امان کے قیام اور دہشت گردی جیسے ناسور کے مکمل خاتمے کے لیے پولیس فورس کو عزم، تندہی، پیشہ ورانہ صلاحیت اور دلیری کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں جاری رکھنا ہوں گی۔ پولیس افسران اور جوان عوام کے محافظ ہیں، اس لیے ان پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنے فرائض کو قومی و عوامی خدمت اور عبا (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال، عطاء اللہ تارڑ اور عبدالعلیم خان پاک چائنا فرینڈشپ سینٹر میں کوانٹم ویلی پاکستان لانچ کر رہے ہیں

ملاوٹی دودھ دہی کے خلاف بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی خصوصی مہم

پہلے روز 2 یونٹس سیل، 18 مراکز و ملک سپلائرز جرمانہ 2 ہزار لیٹر ملاوٹی تلف

صفائی کی ابتر صورتحال اور بغیر لائسنس کاروبار سمیت مختلف خلاف ورزیوں کا نوٹس لیا

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ کی خصوصی ہدایات پر ملاوٹی اور ناقص معیار کے دودھ دہی کے خلاف بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے صوبے بھر میں خصوصی مہم کا آغاز کر دیا ہے۔ مہم کے تحت کوئٹہ اور لورالائی میں دودھ فروشوں، دکانوں، دودھ بردار گاڑیوں، ملک سپلائرز اور دیگر مشتبہ مقامات کی بڑے پیمانے پر چیکنگ اور دو (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

اے ڈی سی کوئٹہ کی سرہ غڑگئی میں بننے والے مجوزہ سپورٹس کمپلیکس کی جگہ کا دورہ

افسران نے سپورٹس کمپلیکس کے لیے مختص زمین کا موقع پر معائنہ اور جانچ پڑتال کی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر) ریونیو (کوئٹہ حافظ محمد طارق نے تحصیلدار سب ڈویژن صدر کریم بگٹی اور محکمہ مال کے دیگر افسران و اہلکاروں کے ہمراہ سرہ غڑگئی (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

مکہ مکرمہ اور دیگر مقدس مقامات کو کسی بھی قسم کے حملے کا نشانہ بنانا ناقابل قبول ہے، سینئر رہنماء پیپلز پارٹی

مسلم دنیا مقدس مقامات کی حرمت اور سلامتی کے معاملے پر متحد ہے، بلال مندوخیل

خطے میں امن واستحکام کیلئے مؤثر کردار ادا کرے ایسے اقدامات کی روک تھام کی جائے جو کشیدگی میں اضافے کا باعث بن سکتے ہیں

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے مکہ مکرمہ کو نشانہ بنانے کی مبینہ کوشش کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مقدس مقامات کی حرمت اور سلامتی پوری امت مسلمہ کے لیے انتہائی اہم ہے۔ اپنے ایک بیان میں سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے کہا کہ مکہ مکرمہ اور دیگر مقدس مقامات کو کسی بھی قسم کے حملے کا نشانہ بنانا ناقابل قبول ہے۔ مقدس مقامات (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

خضدار، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک پولیس اہلکار سمیت 4 افراد جاں بحق

خضدار (آن لائن) تحصیل وڈھ کے علاقے سب تحصیل آڑنجی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک پولیس اہلکار سمیت 4 افراد جاں بحق۔ تفصیلات کے مطابق پولیس ذرائع نے اطلاع دی ہے کہ وڈھ کے سب تحصیل آڑنجی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک پولیس اہلکار سمیت 4 افراد جاں بحق ہوگئے

کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کی زیر صدارت اجلاس

انتظامی اقدامات، پیش رفت، درپیش مشکلات اور آئندہ کے لائحہ عمل کا جائزہ

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کی زیر صدارت غیر ملکیوں اور افغان مہاجرین کی واپسی، جاری کارروائیوں اور پیش رفت کے حوالے سے ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد درانی، اسسٹنٹ کمشنر ریونیو کوئٹہ ڈویژن سید کلیم اللہ، اسپیشل برانچ، پولیس، ایف آئی اے، نادرا، محکمہ داخلہ، اقوام متحدہ کے افغان مہاجرین سے متعلق اداروں اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں افغان مہاجرین کی واپسی کے لیے اب تک کی جانے والی کارروائیوں، انتظامی (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

حکمران وطاقتور طبقات بلوچستان کے عوام کے حقوق دینے ہوں گے، مولانا ہدایت الرحمن

عوام پہلے ہی بدامنی، بے روزگاری، مہنگائی، کاروباری مشکلات اور بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی کا شکار ہیں

عوام کو حقیقی ریلیف، مہنگائی، ناانصافی اور معاشی استحصال کے خلاف جماعت اسلامی کی جدوجہد فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہوچکی ہے

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی، عوام کو حقیقی ریلیف، مہنگائی، ناانصافی اور معاشی استحصال کے خلاف جماعت اسلامی کی جدوجہد فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہوچکی ہے۔ 20 ستمبر کو اسلام آباد مارچ عوام کے حقوق اور انصاف کے حصول کے لیے اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ امرائے اضلاع، ذمہ داران اسلام آباد دھرنے کی تیا (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

چمن میں پشتون قومی جرگہ 19 ستمبر کو منعقد ہوگا، عبدالرحیم زیارتوال

جرگہ میں امن وامان اور بدامنی کے خلاف مشترکہ لائحہ عمل طے ہوگا، عبدالرحیم زیارتوال

چمن (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال کے زیر صدارت ضلع چمن کی ضلعی کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں (باقی صفحہ 3 نمبر 34) جرگہ کی تیاریاں و انتظامات اجلاس کا اہم ایجنڈا رہا، چمن کے پشتون قومی جرگہ کے اہم نکات زیر غور، عبدالقہار خان ودان، کبیر افغان کی اجلاس میں شرکت، جرگہ کے مقاصد اور اہمیت پر روشنی ڈالی گئی

بڑی صنعتوں کی پیداوار میں جولائی 2026 کے دوران 3.03 فیصد اضافہ

اسلام آباد (آن لائن) ادارہ شماریات پاکستان کے مطابق جولائی 2026 کے دوران بڑی صنعتوں کی پیداوار میں سالانہ بنیاد و (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس، پٹرولیم قیمتوں میں اضافے کے اثرات کم کرنے کیلئے فیول سبسڈی اسکیم کا جائزہ

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت خلیج کی صورتحال کے تناظر میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے متاثرہ کم آمدنی اور متوسط طبقے (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

عوام کی مبینہ جبری بے دخلی نوآبادیاتی سوچ کا تسلسل ہے، لشکری رئیسانی

مسائل ومشکلات کے حل کے لیے ہرممکن تعاون اور آواز بلند کرتے رہیں گے

نوشکی (آن لائن) بلوچستان کے سینئر سیاستدان نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی نے نوشکی اور مستونگ سے عوام کو مبینہ طور پر جبری طور پر بے دخل کرنے کے فیصلے کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے نوآبادیاتی طرز عمل کا تسلسل قرار دیا ہے۔ نوشکی پریس کلب کے صدر سے ٹیلی فونک گفتگو کرتے ہوئے نوابزادہ لشکری رئیسانی نے کہا کہ ہزاروں سال سے اپنی سرزمین پر آ (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

چاغی، اغوا ہونے والے دونوں پولیس اہلکار بازیاب ہوکر واپس پولیس تھانہ پہنچ گئے

چاغی (آن لائن) سرگیشہ سے اغوا ہونے والے دونوں پولیس اہلکار بازیاب ہو کر واپس پولیس تھانہ پہنچ گئے پولیس ذرائع پولیس اہلکاروں کو مبینہ طور پر آج سرگیشہ پوسٹ سے مسلح افراد نے اغوا کیا گیا تھا۔

پشتونخوا ایس او کی آرگنائزنگ باڈی کا اجلاس

اجلاس میں پارٹی اور آرگنائزیشن کے مرکزی رہنماؤں کی شرکت

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن جنوبی پشتونخوا زونل آرگنائزنگ باڈی کا اجلاس زونل آرگنائزر وارث افغان کی صدارت میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، مرکزی سیکرٹری عبدالحق ابدال، صوبائی صدر قہار خان ودان، پشتونخوا (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

گوادر بندرگاہ کے مطالعاتی دورے پر گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول شے اسماعیل کی طالبات کا گروپ فوٹو

حکومت انویسٹرز کو ہر ممکن سہولیات فراہم کررہی ہے، کمشنر لسبیلہ

دیگر صوبوں میں صنعت کاروں کو ٹیکس ہالیڈے کی سہولیات میسر کی گئی ہیں

گڈانی (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا نے کہا ہے کہ گڈانی شپ بریکنگ یارڈ کی تیزی سے ماڈرنائزیشن اور ترقی کی جانب پیشرفت یقیناً انڈسٹری کی ترقی کیلئے پاکستان شپ بریکنگ ایسوسی ایشن کے عزم اور ریاست کے تمام اسٹیک ہولڈر کے مابین کوآرڈینیشن کا نتیجہ ہے حکومت انویسٹرز کو ہر ممکن سہولیات فراہم کررہی ہے یہ بات انہوں نے گڈانی شپ بریکنگ یارڈ پلاٹ نمبر 1 7 دورے کے موقع پر پاکستان شپ بریکرز ایسوسی ایشن (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

ڈسٹرکٹ پولیس کی بروقت کارروائی مبینہ طور پر اغوا ہونے والا نومولود بچہ چند گھنٹوں میں بحفاظت بازیاب کرالیا گیا

نصیرآباد (خ ن) ڈسٹرکٹ پولیس کی بروقت کارروائی مبینہ طور پر اغوا ہونے والا نومولود بچہ چند گھنٹوں میں بحفاظت بازیاب کرالیا گیا واضح رہے کہ گزشتہ روز ڈسٹرکٹ (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

سوراب میں ریونیو وصولیوں اور زرعی آمدن ٹیکس کے حوالے سے ضلعی انتظامیہ اہم اجلاس

سوراب (خ ن) ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوراب سلمان علی بلیدی کی زیر صدارت ریونیو وصولیوں اور زرعی آمدن ٹیکس کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر سوراب شئے اکبر علی بلوچ، سپرنٹنڈنٹس فضل محمد قمبرانی و عبدالصمد ساسولی، تحصیلدار محمود احمد کرد، نائب تحصیلدار ایوب حسنی، قانونگو، پٹواری، ریونیو کلرکس اور دیگر متعلقہ اہلکاروں نے شرکت کی اجلاس میں ریونیو وصولیوں اور زرعی (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

میونسپل کارپوریشن چمن کی آوارہ کتوں کے خلاف خصوصی مہم جاری

چمن (خ ن) شہر میں آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد اور حالیہ دنوں میں کتوں کے کاٹنے سے متعدد بچوں کے زخمی ہونے کے واقعات کے پیش نظر میونسپل کارپوریشن چمن (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

خواتین اساتذہ کی انتقامی معطلی کے آرڈرز فوری منسوخ کیے جائیں، جمعیت نظریاتی

شکایت کنندہ اساتذہ کے خلاف معطلی کی انتقامی کارروائی کو فوری طور پر واپس لیا جائے

اساتذہ کا پرنسپل کے غیر قانونی، غیر اخلاقی اور غیر مہذبانہ اقدامات کے خلاف آواز بلند کرنا غلطی نہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی ترجمان و مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ خواتین اساتذہ کی انتقامی معطلی کے آرڈرز فوری منسوخ کیے جائیں۔ گورنمنٹ سردار عیسیٰ خان گرلز ہائی سکول کی 10 اساتذہ کی انتقامی طور پر معطلی کے آرڈرز واپس لیے جائیں۔ اساتذہ کا پرنسپل کے غیر قانونی، غیر اخلاقی اور غیر مہذبانہ اقدامات کے خلاف آواز بلند کرنا غلطی نہیں۔ سکول کی پرنسپل کے خلاف لگائے گئے الزامات کے ثبوت موجود ہیں شکایت کنندگان کو نشانہ نہ بنایا جائے۔

ڈپٹی کمشنر سبی محمد (ر) الیاس کبزئی کی زیر صدارت خواتین کے لیے خصوصی کھلی کچہری کا انعقاد کیا جارہا ہے

کھیل کے میدانوں میں ان کی کامیابیاں نہ صرف بلوچستان بلکہ پاکستان کے لیے بھی باعث فخر ہیں، صوبائی مشیر نسواں

بلوچستان کے نوجوان خصوصاً ہماری بیٹیاں بے پناہ صلاحیتوں کی مالک ہیں، ربابہ بلیدی

نوجوانوں کو کھیلوں کے بہتر مواقع اور سہولیات فراہم کر کے ان کی صلاحیتوں کو ملک وقوم کی خدمت کیلئے بروئے کار لایا جاسکتا ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوان خصوصاً ہماری بیٹیاں بے پناہ صلاحیتوں کی مالک ہیں، کھیل کے میدانوں میں ان کی کامیابیاں نہ صرف بلوچستان بلکہ پاکستان کے لیے بھی باعث فخر ہیں۔ نوجوانوں کو کھیلوں کے بہتر مواقع اور سہولیات فراہم کر کے ان کی صلاحیتوں کو ملک وقوم کی خدمت کے لیے بروئے کار لایا جاسکتا ہے۔ 7 ویں خواتین (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

کوئٹہ: پشین اسٹاپ کے قریب سڑک کے کنارے ایک شخص مچھردانی فروخت کررہا ہے

پانی، بجلی، تعلیم، صحت اور BSDI کے ترقیاتی منصوبوں سے متعلق عوامی مسائل براہ راست سنے گئے

دکی (خ ن) پانی، بجلی، تعلیم، صحت اور BSDI کے ترقیاتی منصوبوں سے متعلق عوامی مسائل براہ راست سنے گئے، متعلقہ محکموں کو فوری اقدامات کی ہدایات ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر آفس میں عوامی مسائل کے حل اور شہریوں کو براہ راست اپنے (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی کا واٹر سپلائی اسکیم فیض آباد جنگل کا معائنہ

ثمرات حقیقی معنوں میں عوام تک پہنچانے کیلئے مؤثر اقدامات جاری رکھے جائیں

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی نے بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) پروگرام کے تحت مکمل ہونے والی واٹر سپلائی اسکیم فیض آباد جنگل کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر متعلقہ محکمہ کے افسران اور حکام بھی ان کے ہمراہ تھے ڈپٹی کمشنر نے واٹر سپلائی اسکیم کے مختلف حصوں کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے منصوبے کے تعمیراتی معیار، پانی کی دستیابی و فراہمی، تنصیب شدہ سہولیات اور مقامی آبادی کو فراہم کی جانے والی بنیادی سہولت کا معائنہ کیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے منصوبے کی موجودہ صورتحال اور عوام کو پانی کی فراہمی (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

خالد خان کی بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز

قطرے پلائے اور والدین کو انسداد پولیو مہم کی اہمیت وافادیت کے حوالے سے آگاہی فراہم کی

نصیرآباد (خ ن) جعفرآباد ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان نے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر ضلع بھر میں انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا، مہم کے دوران ضلع بھر میں 72 ہزار 886 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ اس موقع پر محکمہ صحت کے افسران نے بھی بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے اور والدین کو انسداد پولیو مہم کی اہمیت وافادیت کے حوالے سے آگاہی فراہم کی۔ ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان نے متعلقہ (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

تحصیل گدر میں بدامنی کی لہر، واپڈا کو لاکھوں روپے کا نقصان

سوراب (آن لائن) تحصیل گدر میں بدامنی اور چوری کی بڑھتی ہوئی وارداتوں نے نہ صرف شہریوں کو شدید تشویش میں مبتلا کر دیا ہے بلکہ واپڈا حکام کو بھی لاکھوں روپے کے نقصان سے دوچار کر دیا ہے، نامعلوم چوروں اور مبینہ چوری و ڈاکہ زن گروہوں کی جانب (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

وزیراعظم کا یہ احسن اقدام غریب عوام کیلئے اہم ریلیف ہے، شائستہ زہری

شہری رجسٹریشن کا عمل مکمل کر کے سستے پیٹرول کی سہولت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں

قلات (خ ن) وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کی جانب سے غریب عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے پیٹرول 100 روپے فی لیٹر سستا فروخت کرنے کی (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

12 ارب کی لاگت سے گڈانی شپ بریکنگ انڈسٹری کی ماڈرانائزیشن پراجیکٹ پر کامیابی سے عملدرآمد جاری ہے

ہانگ کانگ کنونشن کی توثیق کے بعد شپ ری سائیکلنگ گرین یارڈ منصوبے پر کام شروع

درست ری سائیکلنگ کے لیے ہانگ کانگ کے بین الاقوامی کنونشن کی توثیق کرنے والا 23 واں ملک کا اعزاز حاصل کرچکا ہے

گڈانی (آن لائن) حکومت پاکستان نے ہانگ کانگ کنونشن کی توثیق کے بعد شپ ری سائیکلنگ گرین یارڈ منصوبے پر کام شروع کردیا ہے وفاقی پی ایس ڈی پی کے تحت 12 ارب کی لاگت سے گڈانی شپ بریکنگ انڈسٹری کی ماڈرانائزیشن پراجیکٹ پر کامیابی سے عملدرآمد جاری ہے بی ڈی اے بلوچستان منصوبے کی ریگولیٹری اتھارٹی کے طور پر پراجیکٹ مانیٹرنگ کررہی ہے کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

جنگلی حیات کا تحفظ محکمہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، اسد اللہ

غیر قانونی شکار کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی، ڈپٹی کنزرویٹر

گوادر (خ ن) ڈپٹی کنزرویٹر جنگلات و جنگلی حیات گوادر اسد اللہ نے کہا ہے کہ جنگلی حیات کا تحفظ محکمہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، غیر قانونی شکار کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی یہ بات انہوں نے بیٹر کے غیر قانونی شکار کے خلاف محکمہ جنگلات و جنگلی حیات گوادر (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

نوشکی میں چوری کی واردات، گودام سے 70 بوریاں زیرہ چوری

نوشکی (آن لائن) نوشکی میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کا سلسلہ تھم نہ سکا، گزشتہ شب نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے کلی غریب آباد، وارڈ نمبر 5 میں معروف تاجر حاجی غلام سرور بڑیچ کے گودام میں چوری کی واردات کی۔ ذرائع کے مطابق مسلح ملزمان نے گودام کے چوکیدار کو باندھ کر تالے توڑے اور گودام سے 70 بوریاں زیرہ چوری کر کے فرار ہوگئے۔ چوری کے (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

یاسر اقبال دشتی کا تربت شہر سمیت ضلع کیچ میں بولان گاڑیوں کے مقررہ کرایوں سے زائد وصولی کی شکایات کا نوٹس

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے تربت شہر سمیت ضلع کیچ میں بولان گاڑیوں کے مقررہ کرایوں سے زائد وصولی کی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے بولان گاڑی ایسوسی ایشن کے عہدیداران اور گاڑی مالکان کو اپنے دفتر طلب کرلیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ٹرانسپورٹ سے وابستہ متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ ضلع بھر میں بولان گاڑیوں کے کرایوں کی صورتحال کا جائزہ لیا جائے اور مقررہ کرایوں پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لیے ضروری اقدامات اٹھائے جائیں

ڈی سی لورالائی کی زیر صدارت تاجران اور متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کا اجلاس

معیاری اشیاء اور منظم کاروباری ماحول فراہم کرنے کیلئے عملی اقدامات جاری رکھیں گے

معیاری اشیاء اور منظم کاروباری ماحول فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات جاری رکھیں گے

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی زیر صدارت انجمن تاجران اور متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ناجائز منافع خوری، ذخیرہ اندوزی، ملاوٹ، کم تولنے، بازار میں تجاوزات، ٹریفک کے مسائل اور دیگر شہری مشکلات کے حل کے لیے تفصیلی غور و خوض کیا گیا اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم، ایڈیشنل ڈپٹی (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

بلوچستان میں مسلم لیگ (ن) کا کوئی وجود نہیں ہے، سید جہانگیر شاہ

مسلم لیگ (ن) کو توڑنے والے آج وفاقی وزیر بنے بیٹھے ہیں، بیان

کوئٹہ (آن لائن) مسلم لیگ (ن) کے صوبائی رہنما سید جہانگیر شاہ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں مسلم لیگ (ن) کا کوئی وجود نہیں ہے کارکن اپنے مسائل کے حل کیلئے دربدر کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں، مسلم لیگ (ن) کو توڑنے والے آج وفاقی وزیر بنے بیٹھے ہیں جبکہ مشکل وقت میں پارٹی کو سہارا دینے والے جمال شاہ کاکڑ اور دیگر ساتھیوں کو کوئی پوچھنے والا نہیں ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سید جہانگیر شاہ نے کہا کہ بلوچستان میں مسلم لیگ (ن) اس وقت عملاً غیر فعال ہوچکی ہے اور مسلم لیگ (ن) کے وزراء اپنے کاموں میں لگے ہوئے ہیں ان کا کہنا ہے کہ (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں برقی لائنوں کی ضروری مرمت کے کام کئے جارہے ہیں۔ اس سلسلے میں 17 ستمبر کو (بروز جمعرات) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv شہباز ٹاؤن، (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

شیرانی اس جدید دور میں بھی عوام بنیادی سہولیات سے محروم ہے، عبدالرحمٰن شیرانی

شیرانی (آن لائن) سرکاری مراکز صحت میں ڈاکٹرز کی غیر حاضری، موبائل نیٹ ورک کی عدم دستیابی، بجلی کی قلت، خستہ حال سڑکیں اور مریضوں کے لئے ایمبولینس کی سہولت کا فقدان عوام کے لئے شدید مشکلات کا باعث بن رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع کے مختلف محکموں میں (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

سینکڑوں خاندانوں کے روزگار کا ذریعہ ہے، شیخ احمد میروانی

سوراب میں کاروباری سرگرمیوں کے خلاف فوری کارروائیاں ہے

سوراب (آن لائن) میونسپل کمیٹی (ایم سی) کونسلر شیخ احمد میروانی نے کہا ہے کہ سوراب میں پہلے ہی بے روزگاری، مہنگائی اور کاروباری مشکلات نے عوام اور تاجر برادری کو شدید پریشانی سے دوچار کر رکھا ہے، ایسے نازک حالات میں کاروباری مراکز اور روزگار کے ذرائع کے خلاف اچانک اور فوری کارروائیاں تشویش کا باعث ہیں، انہوں نے کہا کہ حالیہ دنوں سوراب بازار میں بعض پیٹرول پمپس کو سیل کیا گیا، جس کے بعد شہریوں اور کاروباری حلقوں میں مختلف سوالات جنم لے رہے ہیں، اگر ضلعی انتظامیہ قانون کی خلاف ورزی کے معاملے پر فوری کارروائی (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لشکری کوئٹہ گرین بس سروس میں سہولیات کی فراہمی اور بہتری کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ایف جی ڈگری گرلز کالج کوئٹہ کینٹ کی 17 ہونہار طالبات BEEF اسکالرشپ کیلئے میرٹ پر منتخب

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ (BEEF) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر خالد مانداتی نے ایف جی ڈگری گرلز کالج، کوئٹہ کینٹ کی بی ایس انگلش لٹریچر پروگرام سے تعلق رکھنے والی 17 ہونہار طالبات کے BEEF پارشیکلی فنڈڈ اسکالرشپ پروگرام کے لیے (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

مبینہ قبضہ مافیا کی طرف سے غیر قانونی طور پر کالونی پر قبضہ کرنے کی کوشش انتہائی تشویشناک ہے، ایپکا

بلوچستان کے تمام اضلاع میں احتجاج کا دائرہ وسیع کیا جائے گا، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ عناصر پر عائد ہوگی

کوئٹہ (آن لائن) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن بلوچستان کے صوبائی صدر حاجی سکندر علی لہڑی جنرل سیکرٹری ملک امیر زادہ طیزئی سینئر نائب صدر اول شاہ اللہ جام سینئر نائب صدر دوم ورنگ زیب نائب صدر اول ملک صحبت خان مندوخیل نائب صدر دوم نقیب اللہ کاکڑ نائب صدر سوم حاجی محمد کریم، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری برکت علی ساسولی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری بہار شاہ بلوچ جوائنٹ سیکرٹری ضیاء اللہ مینگل فنانس سیکرٹری جعفر خان جدون پریس سیکرٹری ظہور بلوچ اور آفس سیکرٹری عالم خان سلیمان خیل نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ خضدار میں کلرکس با (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

ڈسٹرکٹ ٹیکنیکل فورم (DTF) کا اہم اجلاس

لورالائی (خ ن) ڈسٹرکٹ ٹیکنیکل فورم (DTF) کا اہم اجلاس ایڈیشنل کمشنر لورالائی ڈویژن اعجاز احمد کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں لورالائی سمیت ڈویژن کے مختلف اضلاع میں انسداد پولیو سرگرمیوں، ویکسینیشن مہم کی پیش رفت اور بچوں کو پولیو کے موذی مرض (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

کوئٹہ، وفاقی وزیر اورنگزیب کچھی، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی، وائس چانسلر سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق و دیگر مقررین محکمہ داخلہ کے زیر اہتمام "نقوش وطن" کے عنوان سے منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون، فیکس: 2824878 موبائل نمبر: 03337867133 ای میل: twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com